تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ
پاور آف پاکستان
اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | پیر 27 اپریل 2026، 08 ذی القعدہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 255

بھارتی فوج تمام وسائل کے باوجود پاکستان کو شکست نہیں دے سکتی، فیلڈ مارشل

کشمیر پر پاکستان کا موقف بالکل واضح ہے، یہ ہماری شہہ رگ تھی، ہماری شہہ رگ ہے، مقبوضہ کشمیر کی عوام غاصب بھارتی فوج کے خلاف لڑ رہے ہیں اور وہ اپنی جدوجہد میں اکیلے نہیں

لاہور (بیورو چیف) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بھارتی اشتعال انگیزی اور کشمیر پر دو ٹوک مؤقف اپنایا اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کا عزم کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے 16 اپریل 2025 کو اوورسیز پاکستانیوں کی پروقار تقریب سے تاریخی خطاب میں ملکی دفاع کو ناقابلِ تسخیر قرار دیتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستان کے سپہ سالار نے دشمن کی کسی بھی بلا اشتعال جارحیت کا فوری اور فیصلہ کن جواب دینے کا (بقیہ نمبر 1)

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کی آمد پر بہت خوشی ہوئی، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اپنے بھائی ایران کے (بقیہ نمبر 6)

گلگت بلتستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، امیر مقام

سکردو (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام (بقیہ نمبر 5)

سندھ طاس معاہدے پر فوری عملدرآمد کے مطالبے کو علاقائی امن کیلئے اہم پیش رفت قرار

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے پاکستان کے اقوام متحدہ سے سندھ (بقیہ نمبر 4)

ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کرتے ہیں، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ ایرانی وزیر (بقیہ نمبر 3)

وفاق میں اختیارات کا ارتکاز نقصان دہ ہے اختیارات کی نچلی سطح پر تقسیم سے وفاق پاکستان مضبوط ہوگا، اسد عمر

حیدرآباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ وفاق میں اختیارات کا ارتکاز نقصان (بقیہ نمبر 2)

پاکستان امن و سلامتی کیلئے سفارتکاری کو فروغ دے رہا ہے، وزیراعظم

پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے ساتھ اپنی کی مستقل وابستگی، امن کی خواہش اور بین الاقوامی تعاون کی رہنمائی میں اختلافات کو ختم کرنے اور علاقائی و بین الاقوامی امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، شہباز شریف کا پیغام

پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے ساتھ اپنی کی مستقل وابستگی، امن کی خواہش اور بین الاقوامی تعاون کی رہنمائی میں اختلافات کو ختم کرنے اور علاقائی و بین الاقوامی امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان علاقائی اور بین الاقوامی امن و سلامتی کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کے راستے کو فروغ دے رہا ہے، پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے ساتھ اپنی کی مستقل وابستگی، امن کی خواہش اور بین الاقوامی تعاون کی رہنمائی میں اختلافات کو ختم کرنے اور علاقائی و بین الاقوامی امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ جمعہ کو کثیر جہتی اور سفارت کاری کے ذریعے امن کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں شہباز شریف نے کہا کہ کثیر جہتی اور سفارتکاری (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سپریم کورٹ آف پاکستان کا چین اور ترکیہ کیساتھ عدالتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

بلوچستان سے خاتون ایڈیشنل سیشن جج، مٹھی کے سینئر سول جج جلد چین روانہ ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے چین اور ترکیہ کے ساتھ عدالتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے جس کے تحت بین الاقوامی تربیت، ٹیکنالوجی کے انضمام اور ادارہ جاتی ترقی پر پیش رفت جاری ہے۔ سپریم کورٹ کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے کے مطابق اگست 2025 میں سپریم پیپلز کورٹ آف چین کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (بقیہ نمبر 8)

ایچ ای دبئی میں پاکستان کے قونصل جنرل حسین محمد دبئی میں انڈیکس ایکسچینج ایونٹ میں اپنا کلیدی خطبہ دیتے ہوئے

جنگ کے اثرات پوری دنیا پر پڑ رہے ہیں ہمارے خطے پر تباہ کن اثرات ہیں، رانا ثنا اللہ

پاکستان کو عزت مل رہی ہے، اس لیے بھارت پروپیگنڈا کر رہا ہے، مشیر وزیراعظم کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ جنگ کے اثرات پوری دنیا پر پڑ رہے ہیں، ہمارے خطے پر جنگ کے تباہ کن اثرات ہیں، جنگ سے باقی ممالک متاثر ہوں گے تو پاکستان بھی متاثر ہو گا۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ جنگ کی فکر سب کو ہے، چین، مصر، سعودی عرب اور ترکی ہمارے ساتھ ہیں، 2 ممالک کو جنگ ختم ہونے کا نقصان ہے، یہ دونوں چاہتے ہیں (بقیہ نمبر 9)

ملک بھر میں بجلی کی طلب میں اضافہ، پن بجلی کی پیداوار 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گئی

ایل این جی کی عدم دستیابی سے 5500 میگاواٹ کے پاور پلانٹس سے بجلی پیدا نہیں ہو رہی

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں بجلی کی طلب میں اضافہ ہو گیا ہے جبکہ پن بجلی کی پیداوار 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گئی۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق تربیلا ڈیم سے پانی سے اخراج میں رات کے وقت اضافے سے پن بجلی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ رات پیک ٹائم میں کل پن بجلی کی پیداوار 6000 میگاواٹ رہی جب کہ ملک کی کل پن بجلی کی استعداد 11500 میگاواٹ ہے۔ پن بجلی کی پیداوار میں اضافے سے ملک کے جنوب سے نیشنل گرڈ میں استحکام کی (بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین بروناتی میں 38 ویں FAO علاقائی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، پائیدار زرعی خوراک کے نظام اور غذائی تحفظ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کر رہے ہیں۔

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، خطے کی تازہ ترین صورتحال کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم / وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس میں خطے کی تازہ ترین صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کے حصول کے لیے ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات میں سہولت کاری کر رہا ہے اور پاکستان اس ضمن میں اپنی کوششیں جاری (بقیہ نمبر 13)

عوامی سہولیات کی فراہمی اور شہری ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے، صفدر حسین ساہی

سرگودھا میں صحت کے شعبے میں تاریخی اقدامات کیے گئے، گفتگو

سرگودھا (این این آئی) ممبر صوبائی اسمبلی و چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہوم ڈیپارٹمنٹ صفدر حسین ساہی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صوبہ بھر میں انفراسٹرکچر کی بہتری، عوامی سہولیات کی فراہمی اور شہری ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی صفدر حسین ساہی نے شہر میں کوئین (بقیہ نمبر 12)

غیر ملکی آئی ٹی ورکرز کیلئے جعلی دستاویزات بنانے کے کیس میں ملزمہ کی ضمانت منظور

کراچی (این این آئی) غیر ملکی آئی ٹی ورکرز کے لیے جعلی دستاویزات بنانے کے کیس میں عدالت نے ملزمہ کی ضمانت منظور کر لی۔ جوڈیشل کمپلیکس میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے جعلی دستاویزات بنا کر شمالی کوریا کے (بقیہ نمبر 11)

پنجاب حکومت کا اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی توسیع کا فیصلہ

پروگرام کو مزید موثر، شفاف بنانے کے لیے نئے اقدامات بھی متعارف کرانے پر غور جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گھر کا قرض حاصل نہ کر سکنے والے افراد کے لیے بڑی خوشخبری سناتے ہوئے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی توسیع کا فیصلہ کر لیا۔ اس اقدام کا مقصد ایسے شہریوں کو سہولت فراہم کرنا ہے جو مالی مشکلات کے باعث ذاتی رہائش کا خواب پورا نہیں کر پا رہے۔ حکام کے مطابق پروگرام کے دائرہ کار کو بڑھاتے ہوئے مزید مستحق افراد کو شامل کیا جائے گا تاکہ کم اور متوسط آمدنی رکھنے (بقیہ نمبر 14)

پاکستانی سفارتی کامیابیوں کی پوری دنیا معترف، عالمی سطح پر وقار مزید بلند

پاکستان نے معرکہ حق میں بھارت کو عملی میدان میں شکست دینے کے بعد سفارتی محاذ پر بھی تنہا کر دیا ہے، ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی بین الاقوامی سفارتی کامیابیوں کا اعتراف دنیا بھر سے کیا جا رہا ہے جس سے ملک کا عالمی سطح پر وقار مزید بلند ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق معرکہ حق کی عظیم فتح کے بعد پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی بصیرت، بہترین حکمت عملی اور موثر سفارتکاری کے باعث ملک کا عالمی وقار نمایاں طور پر بلند ہوا ہے۔ جنگی میدان میں دشمن کو عبرتناک شکست دینے کے بعد پاکستان نے عالمی سطح پر اپنے اصولی موقف کو موثر انداز میں اجاگر کیا جس سے (بقیہ نمبر 15)

منشیات برآمدگی کے ملزم کو چھوڑنے پر پولیس افسر معطل

لاہور (این این آئی) نولکھا میں منشیات برآمد ہونے پر کارروائی کرنے کی بجائے شہری کو چھوڑنے پر اے ایس آئی معطل کر دیا گیا۔ ایس پی سٹی عاطف امیر کے مطابق شہری کی ویڈیو وائرل ہونے پر تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے واقعہ میں ملوث اے ایس آئی افتخار کو معطل کر د (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ اشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں ام پینالڈ نجی ہسپتالوں کے ذمہ داران سے ملاقات کر رہے ہیں۔

جنرل ہسپتال، ڈاکٹر انعم بتول پاکستان کے پہلے پیڈیاٹرک سٹروک سینٹر کی فوکل پرسن مقرر

ڈاکٹر انعم بتول سٹروک مینجمنٹ میں تربیت یافتہ، مریضوں کی رہنمائی اور علاج مزید بہتر ہوگا

لاہور (این این آئی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے پاکستان کے پہلے پیڈیاٹرک اسٹروک سینٹر کے لیے ڈاکٹر انعم بتول کو فوکل پرسن مقرر کر دیا ہے۔ ڈاکٹر انعم بتول سٹروک مینجمنٹ میں باقاعدہ کلینیکل تربیت رکھتی ہیں۔ ایم ایس نے کہا کہ اس تقرری سے مریضوں کی بروقت رہنمائی، ریفرل سسٹم کی بہتری اور مختلف شعبوں کے مابین موثر کوارڈینیشن کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ علاج کے عمل کو بروقت اور موثر انداز میں یقینی بنایا جا سکے۔ (بقیہ نمبر 17)

وزیراعظم و وزیراعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی

اخراجات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی گئی

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں کی ہدایت پر پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت اخراجات کا تفصیلی جائزہ مکمل کرتے ہوئے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی۔ یہ اقدام وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت اٹھایا گیا جس کے نتیجے میں پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں متعدد شعبوں میں نمایاں بچت ممکن ہوئی۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں پہلے (بقیہ نمبر 18)

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں کو رنمنٹ ہائی سکول فار بوائز میں پہلی فیفا ارینا منی پیچ کے اہم منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

انسداد دہشتگردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہیں، عاصم افتخار

دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہیے، اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ انسداد دہشت گردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہیں، دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہیے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن نے اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسداد دہشت گردی (UNOCT) کے ساتھ مل کر اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں دہشت گردی کے (بقیہ نمبر 19)

بلوچستان، ڈھاڈر میں فتنہ الہندوستان کے حملے ناکام، متعدد دہشتگرد ہلاک

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع لچھی کی تحصیل ڈھاڈر میں فتنہ الہندوستان کے حملے کو سیکیورٹی فورسز نے ناکام بنا دیا اس حوالے سے معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے بتایا ہے کہ ڈھاڈر میں ہوئی کارروائی میں فتنہ الہندوستان کے متعدد دہشتگرد (بقیہ نمبر 21)

لندن میں پاکستانی بزنس کمیونٹی کی جانب سے وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کے اعزاز میں شاندار استقبالیہ

پاکستان عالمی مالیاتی اداروں اور سرمایہ کاروں کے ساتھ فعال روابط استوار کر رہا ہے، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ

اسلام آباد/لندن (این این آئی) وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ کے اعزاز میں لندن میں پاکستانی بزنس کمیونٹی کی جانب سے ایک شاندار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں پاکستانی نژاد کاروباری شخصیات، سرمایہ کاروں، پیشہ ور افراد اور مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ یہ تقریب اوورسیز پاکستانیوں کی وطن کے ساتھ (بقیہ نمبر 20)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں خاتون محتسب پنجاب ڈاکٹر نجمہ فضل خان ملاقات کر رہی ہیں۔

راولپنڈی، طالبات کو ہراساں کرنے والے 3 ملزمان گرفتار، ایک زیر علاج

راولپنڈی (این این آئی) سکول سے گھر جانے والی طالبات سے نازیبا حرکات کرنے میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جن میں سے ایک کو زخمی حالت میں حراست میں لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان اپنے ساتھیوں کے ہمراہ طالبات کو ہراساں کرتے تھے اور ان کے خلاف متعدد شکایات سامنے آئی تھیں، کارروائی کے (بقیہ نمبر 25)

قصور، گھریلو تنازعہ پر دیور نے بھابی کو قتل کر دیا

قصور (این این آئی) تھانہ صدر کی حدود میں دیور نے گھریلو جھگڑے پر بھابی کو قتل کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ دیور نے بھابی کو گھریلو تنازعہ پر چھریوں کے پے در پے وار کر کے قتل کیا، قتل ہونے والی ارم کے خاوند رمضان کے مطابق گھریلو تنازعہ پر جھگڑا ہوا۔ خاوند کی عدم موجودگی میں (بقیہ نمبر 27)

ملک بھر میں بجلی کی طلب میں اضافہ، پن بجلی کی پیداوار 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گئی

تربیلا ڈیم سے پانی سے اخراج میں رات کے وقت اضافے سے پن بجلی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں بجلی کی طلب میں اضافہ ہو گیا ہے جبکہ پن بجلی کی پیداوار 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گئی۔ ترجمان پاور ڈویژن کی جانب سے 24 اپریل کی شب پیک اوقات میں بجلی کی صورت حال کے حوالے سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ ملک میں بجلی کی ڈیمانڈ میں اضافہ ہوا ہے۔ ترجمان کے مطابق تربیلا ڈیم سے پانی سے اخراج میں رات کے وقت اضافے سے پن بجلی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ کل رات پیک ٹائم میں کل پن بجلی کی پیداوار 6000 (بقیہ نمبر 26)

پنجاب میں الیکٹرک گاڑیوں کی رجسٹریشن پر خصوصی رعایت دی جا رہی ہے، مجتبیٰ شجاع الرحمان

وزیراعلیٰ مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر آئندہ سرکاری محکموں میں الیکٹرک، ہائبرڈ گاڑیوں کی خریداری کو ترجیح دی جائیگی

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب میاں مجتبیٰ شجاع الرحمن نے لاہور میں ایک معروف آٹو کمپنی کی جانب سے نئی ہائبرڈ گاڑی کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے جدید، ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب صوبے میں ایندھن کے متبادل ذرائع کو فروغ دے کر نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنا رہی ہے (بقیہ نمبر 29)

لاہور: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے ہمراہ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال کیپٹل شوکت بٹ حلقے میں ترقیاتی کاموں کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں۔

نواب شہزاد خان کی صاحبزادی کی منگنی کی تقریب، صدر مملکت سمیت اہم شخصیات کی شرکت

لاہور (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سمیت اہم سیاسی اور سماجی شخصیات نے لاہور میں معروف سماجی و کاروباری شخصیت نواب شہزاد علی خان کی صاحبزادی کی منگنی کی تقریب میں شرکت کی۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے اس خوشی کے موقع پر نواب شہزاد علی خان اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد (بقیہ نمبر 30)

ٹائپ 1 ذیابیطس کے شکار بچوں کے علاج کیلئے نئی دوا منظور کر لی گئی

واشنگٹن (این این آئی) ادویہ ساز کمپنی سانوفی کی دوا زیلڈ کو بچوں میں ٹائپ 1 ذیابیطس کے علاج کیلئے امریکی ریگولیٹر فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کی منظوری مل گئی۔ ایف ڈی اے اس وقت زیلڈ کے استعمال کا جائزہ بھی لے رہا ہے تاکہ اسے 8 سال یا اس سے زائد عمر کے ان مریضوں کیلئے منظور کیا جا سکے جن میں سٹیج 3 ٹائپ 1 ذیابیطس حال ہی میں تشخیص ہوئی ہو، تاکہ بیماری کی (بقیہ نمبر 31)

مقبوضہ کشمیر کے شہری کا پاکستانی عسکری قیادت کیلئے محبت بھرا پیغام

مقبوضہ کشمیر کے عوام نے پہلگام فالس فلیگ سے متعلق مودی سرکار کا گمراہ کن بیانیہ واضح طور پر مسترد کر دیا

سری نگر (این این آئی) معرکہ حق کے ایک سال بعد مقبوضہ کشمیر کے شہری نے پاکستانی عسکری قیادت کیلئے محبت بھرا پیغام جاری کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر کے عوام نے پہلگام فالس فلیگ سے متعلق مودی سرکار کا گمراہ کن بیانیہ واضح طور پر مسترد کر دیا ہے۔ پہلگام فالس فلیگ آپریشن کی جائے وقوعہ سے ویڈیو پیغام میں کشمیری نوجوان نے کہا کہ اس جگہ (پہلگام) سے ایک سال قبل مودی کی ذلت کا آغاز ہوا تھا، پہلگام وہی جگہ ہے جہاں سے بھارت کا غرور خاک میں ملا، (بقیہ نمبر 32)

عوام پر مزید ہتھوڑے چلائے جا رہے ہیں، حافظ نعیم الرحمن

یہ اضافہ متوسط اور غریب طبقے کو توڑ کر رکھ دے گا، عوام پر مزید ہتھوڑے چلائے جا رہے ہیں جو ناقابل قبول ہیں، بیان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت فوری طور پر پیٹرولیم لیوی کا خاتمہ کرے اور قیمتوں میں اضافہ واپس لے۔ جاری بیان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ لیوی اور ناجائز ٹیکس ختم کرنے کے بجائے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ یہ اضافہ متوسط اور غریب طبقے کو توڑ کر رکھ دے گا، پیٹرولیم مصنوعات کی (بقیہ نمبر 33)

بجلی کی طلب میں اضافہ، تربیلا ڈیم سے پانی کے اخراج میں اضافے کے باعث پن بجلی کی پیداوار میں بہتری، پاور ڈویژن

ایل این جی کی دستیابی اور پانی کے اخراج میں اضافے سے رات کے اوقات کا شارٹ فال ختم ہو جائے گا، ترجمان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پاور ڈویژن نے کہا ہے کہ ملک میں بجلی کی ڈیمانڈ میں اضافہ ہوا ہے، تربیلا ڈیم سے پانی سے اخراج میں رات کے وقت اضافے سے پن بجلی پیداوار میں اضافہ ہوا، گزشتہ رات پیک ٹائم میں کل پن بجلی کی پیداوار 6000 میگاواٹ رہی، ملک کی کل پن بجلی کی استعداد 11500 میگاواٹ ہے۔ ہفتہ کو 24 اپریل کی رات پیک اوقات میں بجلی صورتحال پر ترجمان پاور ڈویژن نے اپنے بیان میں کہا کہ پن بجلی کی پیداوار میں اضافے (بقیہ نمبر 22)

غیر قانونی سٹورتج پر ایف آئی اے کی کارروائی، ہزاروں لیٹر پیٹرول برآمد

پیٹرول کو عارضی ڈرمز میں منتقل کر کے چھوٹی گاڑیوں کے ذریعے مختلف پیٹرول پمپس تک پہنچایا جا رہا تھا، ترجمان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں غیر قانونی اسٹورتج پر ایف آئی اے کی بڑی کارروائی کے دوران ہزاروں لیٹر پیٹرول برآمد کر لیا گیا۔ ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے غیر قانونی آئل اسٹورتج اور پیٹرول چوری میں ملوث عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے کورنگی انڈسٹریل ایریا کے مہران ٹان میں قائم ایک غیر قانونی آئل اسٹورتج سہولت پر (بقیہ نمبر 24)

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت اجلاس

سانگلہ ہل (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت پنجاب ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت ضلع میں جاری ترقیاتی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس ڈپٹی ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن لاہور میں معروف آٹو کمپنی ایم جی سی کی نئی ہائبرڈ کار کا افتتاح کر رہے ہیں۔

پٹرولیم مہنگائی گڈز اور پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھانے کا اعلان

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے پر 10 فیصد گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھانے کا اعلان کرتے ہیں، ملک شہزاد اعوان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے پر کرائے بڑھانے کا اعلان کر دیا۔ صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر بیان دیتے ہوئے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز مذمت کرتے ہیں۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے (بقیہ نمبر 28)

یہ لیڈرز عوامی فلاح کے لیے کام کریں گے، نیویارک سٹی میں نئے دور کا آغاز کر رہے ہیں، میئر ممدانی

میئر ظہران ممدانی کی جانب سے نیویارک سٹی میں دو نئے کمشنرز کی تعیناتی کا اعلان

میئر ممدانی نے پال اوچوآ کو ڈیپارٹمنٹ آف ڈیزائن اینڈ کنسٹرکشن کا کمشنر، شون (ٹا) سمتھ، کروز کو ڈیپارٹمنٹ آف ریکارڈز اینڈ انفارمیشن سروسز کا کمشنر مقرر کر دیا

نیویارک (شیراز حسین) نیویارک سٹی کے میئر ظہران ممدانی کی جانب سے دو نئے کمشنرز اور سٹی انتظامیہ میں اعلیٰ سطحی تقرریاں کی گئی ہیں۔ میئر ممدانی نے پال اوچوآ کو ڈیپارٹمنٹ آف ڈیزائن اینڈ کنسٹرکشن (DDC) کا کمشنر، شون (ٹا) سمتھ، کروز کو ڈیپارٹمنٹ آف ریکارڈز اینڈ انفارمیشن سروسز (DORIS) کا کمشنر، اور اینی لیورز کو میئرز آفس آف آپریشنز کی ڈائریکٹر مقرر کیا۔ میئر زوہران ممدانی نے کہا کہ یہ وہ لیڈرز ہیں جو یقین رکھتے ہیں کہ حکومت کو عوامی فلاح و بہبود کی خدمت میں کام کرنا چاہیے۔ وہ حکومت کے تمام دھاگوں کو کھینچ کر نیویارکرز کے لیے نتائج پیدا کرنے کا طریقہ جانتے ہیں اور ہمارے محلے کی تاریخ اور امنگوں کو اس شہر میں جھلکاتے ہیں جو ہم مل کر بنا رہے ہیں۔ میں ان کی مہارت اور لگن کا خیر مقدم کرتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہوں کیونکہ ہم نیویارک سٹی کے لیے ایک نئی دور کا آغاز کر رہے ہیں۔ ڈپٹی میئر فار آپریشنز جولیا کرسن نے کہا کہ یہ انتظامیہ موثر اور اختراعی طریقوں پر لیزر فوکسڈ ہے جو پرانے نظام کو مسترد کرتے ہوئے تمام 5.8 ملین نیویارکرز کے لیے کام کرے۔ یہ لیڈرز وہ تجربہ اور تخلیقی صلاحیت لے کر آئے ہیں جو ایک ایسا شہر بنانے کے لیے ضروری ہے جو ذمہ دار، جواب دہ اور بہتر مستقبل کے لیے پرعزم ہو۔ "پال اوچوآ نیویارک سٹی ڈیپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن (DOT) میں ایگزیکٹو ڈپٹی کمشنر کے عہدے پر فائز تھے اور اس سے قبل ڈیپارٹمنٹ آف سینیٹیشن میں چیف اسٹریٹجی آفیسر بھی رہ چکے ہیں۔ وہ شہری بجٹ، پالیسی اور بڑے پروجیکٹس میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ شون (ٹا) سمتھ۔ کروز ایک تجربہ کار لائبریرین اور آرکائیوسٹ ہیں جن کے پاس تقریباً 20 سال کا تجربہ ہے۔ وہ حال ہی میں بارنارڈ کالج لائبریری کی ڈین تھیں۔ این لیورز شہری پالیسی اور بجٹ کے شعبے میں ماہر ہیں اور اس سے قبل نیویارک سٹی کمپٹرولر آفس میں ڈپٹی کمپٹرولر فار پالیسی کے طور پر خدمات انجام دے چکی ہیں۔ یہ تقرریاں میئر ممدانی کی انتظامیہ کے ا

پہلگام واقع کی پہلی برسی

وزیر اطلاعات ونشریات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ پہلگام واقعہ کے ایک سال بعد بھی بھارت شواہد پیش نہیں کر سکا۔ برسی کے موقع پر جاری کی گئی خصوصی ویڈیو میں اُن کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ کھوکھلے پن، غیر منطقی، جھوٹی اَنا، تکبر وحرص پر مبنی سوچ کا عکاس ہے، یہ واقعہ "فالس فلیگ" آپریشن تھا کیونکہ بھارت اِس سے متعلق کیے گئے کسی ایک سوال کا تسلی بخش جواب نہیں دے سکا، اِس کی ایف آئی آر محض 10 منٹ بعد درج کر لی گئی جو کہ متن پہلے سے تیار ہونے کی نشاندہی کرتا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی بھارت کا اندرونی معاملہ جسے وہ بیرونی بنا کر پیش کرتا ہے، کشمیر تسلیم شدہ بین الاقوامی مسئلہ ہے جبکہ بھارت اِسے داخلی معاملہ قرار دینے کی کوشش کرتا ہے، بھارت کی مکاری کھل کے سامنے آ چکی ہے، نہ صرف عالمی میڈیا بلکہ بھارتی سول سوسائٹی، سیاست دانوں، تھنک ٹینکس نے پہلگام واقع پر سنجیدہ سوالات اٹھائے، بھارتی حکومت نے اِن کے جواب دینے کے بجائے مزید بھونڈے طریقے اختیار کئے باوجود اِس کے کہ وزیراعظم پاکستان نے واقع کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیشکش کی تھی۔ وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ بھارتی میڈیا کے پاس ٹھوس شواہد اور قابل اعتبار ثبوت نہیں تھے، بھارتی میڈیا محض من گھڑت بیانیہ کو فروغ دیتا رہا، اُنہوں نے یہ بھی کہا دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کامیاب کارروائیوں کو دنیا دیکھ رہی ہے، پاکستان اپنی خودمختاری، وقار اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا، پوری قوم اِس عزم پر متفق ہے کہ ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ بھارت کو معرکہ حق کے دوران آپریشن بنیانِ مرصوص میں منہ کی کھانا پڑی، آئندہ بھی اُس کی کسی بھی مہم جوئی کا فیصلہ کُن جواب دیا جائے گا۔

پہلگام واقع کو ایک سال گذرنے پر بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا ویب سائٹ 'ایکس' پر متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ خوفناک دہشت گردانہ حملے میں معصوم جانوں کے ضیاع کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ بھارتی وزیراعظم کی طرح وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیر داخلہ امیت شاہ نے بھی اپنے پیغامات کے ذریعے اِس دن کو یاد کیا تاہم کسی نے اِس واقع پر ہونے والی تحقیقات کا کوئی ذکر کیا اور نہ ہی کسی قسم کی پیشرفت یا دہشت گردی سے نمٹنے کے حوالے سے کیے گئے اقدامات بھارتی عوام کے سامنے رکھے۔ کانگریس رہنما جیرام رمیش نے وزیراعظم نریندر مودی کی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے برملا کہا کہ واقع کے بعد جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے انٹیلی جنس ناکامی کے اعتراف کے باوجود یہ واضح نہیں ہوا کہ اِس پر کیا اقدامات کیے گئے۔ ایک سال گزرنے کے باوجود کئی اہم سوالات بدستور جواب طلب ہیں۔ جیرام رمیش نے مزید کہا کہ حکومت کی سفارتی حکمت عملی مؤثر ثابت نہیں ہو سکی اور عالمی سطح پر بھارت کا مؤقف مضبوط انداز میں پیش نہیں کیا جا سکا۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا حکومت اپنی خارجہ پالیسی پر نظرثانی کرے گی اور پھر خود ہی جواب دے دیا کہ اِس کا امکان کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ داخلی چیلنجوں کے باوجود سفارتی سطح پر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکے۔ ایک اور کانگریس رہنما ارجن کھڑگے نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو دہشت گرد قرار دیتے ہوئے کہا کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن سے شروع ہونے والا ہزیمت اور رسوائی کا سفر تاحال جاری ہے۔ 6 مئی 2025ء کو ہونے والا پہلگام واقعہ انٹیلی جنس اداروں کی ناکامی تھی۔ اُنہوں نے دعویٰ کیا کہ مودی کو اِس واقع کا پہلے سے علم تھا، اِسی وجہ سے اُنہوں نے مقبوضہ کشمیر کا دورہ منسوخ کیا تھا۔ کانگریس رہنما کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گرد مودی کی جماعت برابری اور انصاف پر یقین نہیں رکھتی۔ بھارتی میڈیا میں کیے گئے کئی ماہرین کے تبصروں کے مطابق بھارت کے اندر سے مودی کو دہشت گرد قرار دیا جانا بھارتی عوام میں ہندوتوانظریات کے خلاف بڑھتی نفرت کا عکاس ہے، پہلگام فالس فلیگ کو ایک سال گزرنے کے باوجود بھارت اپنے الزامات کے حوالے سے کوئی مستند شواہد پیش نہیں کر سکا۔

پہلگام واقع کو ایک سال مکمل ہونے کے باوجود بھارت میں سکیورٹی اور انٹیلی جنس ناکامیوں پر سوالات برقرار ہیں۔ بھارتی میڈیا اور تجزیہ کاروں کے مطابق واقع کے بعد بھی ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کوئی واضح کارروائی نہ ہونے پر حکومت کے احتسابی اور جوابدہی کے نظام پر بحث کو دوبارہ جنم دیا ہے۔ بھارتی جریدے 'دی ٹریبیون' نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ پہلگام واقع کے ایک سال بعد بھی حکومت کی طرف سے کوئی واضح انتظامی یا تادیبی قدم سامنے نہیں آیا۔ رپورٹ کے مطابق واقع کے بعد ہونے والی کُل جماعتی ملاقاتوں میں بھی انٹیلی جنس اور سکیورٹی میں سنگین خامیوں کا اعتراف کیا گیا تھا تاہم عملی اقدامات کا فقدان دیکھا گیا۔ بھارتی میڈیا میں یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ پہلگام واقعہ اُن کئی واقعات میں سے ایک ہے جن میں ماضی میں بھی سکیورٹی ناکامیوں کی نشاندہی کی جاتی رہی لیکن ذمہ داری کے تعین کے بجائے سیاسی بیانیہ بنایا جاتا رہا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق پہلگام، پلوامہ، اُڑی اور چھتیس گڑھ جیسے واقعات میں بار بار ایک ہی نوعیت کی خامیاں سامنے آتی رہی ہیں

لیکن مؤثر احتساب نہ ہونے سے نظام کی کمزوریاں مزید نمایاں ہو گئی ہیں جو مستقبل میں ایسے ممکنہ واقعات کی روک تھام کے لئے بھی سنجیدہ چیلنج ہیں۔ مودی حکومت نے تحقیقات کرانے کے بجائے الزام پاکستان پر دھرنے کی کوشش کی اور جب عوام نے سوالات پوچھے تو اُن کا جواب دینے کے بجائے عوام کو بیوقوف بنانے کے لئے جارحیت شروع کر دی۔ اِس ہٹ دھرمی کا منہ توڑ جواب ملا اور بھارت کو جنگ میں شکستِ فاش ہوئی تو اُس کی دنیا بھر میں جگ ہنسائی بھی ہوئی لیکن اُس نے اپنی روش نہیں بدلی، مودی حکومت سے صرف بھارت میں ہی نہیں دنیا بھر میں جو سوالات پوچھے گئے ان کا کوئی جواب نہیں دیا جا سکا۔ اِس سب کے باوجود اُس نے اپنا قبلہ درست کرنے کے بجائے اُلٹی، سیدھی اور خیالی فلمیں بنا کر پاکستان کے خلاف جھوٹا بیانیہ بنانے کی کوششیں جاری رکھیں کیونکہ اُس کا مقصد دہشت گردی کا خاتمہ نہیں بلکہ اپنے عوام کو بیوقوف بنانا ہے۔ سرحدوں پر تناؤ سمیت ملک میں دہشت گردی کے واقعات کو بنیاد بنا کر انتخابات جیتنا انتہاء پسندوں کا پرانا طریقہ واردات ہے۔ پہلگام واقعہ بھی فالس فلیگ آپریشن نہ ہوتا تو مودی حکومت اِس کی آزادانہ اور شفاف بین الاقوامی تحقیقات کرا کر نہ صرف اصل حقائق سامنے لا چکی ہوتی بلکہ ذمہ داروں کو بھی سزا دے چکی ہوتی لیکن ایسا ہوا اور نہ کبھی ہو گا کیونکہ اس نے انتخاب ہی پاکستان دشمنی پر لڑنا ہے، اِس انتہاء پسندانہ سوچ کو تبدیل کر کے اور خیالی دنیا سے باہر نکل کر حقائق کا سامنا کر کے ہی بھارت آگے بڑھ سکتا ہے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

خدا پاکستان کی حفاظت کرے

رئیس فاطمہ

ساری دنیا نے امریکا، ایران جنگ رکوانے میں پاکستان کا ثالثی کا کردار سراہا، دنیا کی واحد سپر پاور کو مذاکرات کی میز پر لانے میں کامیاب ہو گیا، پہلے راؤنڈ میں کامیابی کا تناسب بہت کم تھا، ایسے دو ممالک جیسے ایک بھیڑیا اور دوسرا بھیڑ ہو، جنگ بندی کرانا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔ جنگیں کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہو سکتیں، جنگ کی ضرورت صرف اسلحہ ساز کمپنیوں کو ہوتی ہے، یہ اسلحہ کے سوداگر امن کے خواہاں کبھی نہیں ہو سکتے۔ ایسے دو ممالک جو 47 سال سے ایک دوسرے کے دشمن ہوں ان کا ایک ٹیبل پر مذاکرات کے لیے دو بدو بیٹھنا ہی ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔

اتنی طویل دشمنی کے بعد اگر کوئی یہ سمجھ بیٹھا کہ دونوں ممالک دوستانہ ماحول میں ایک دوسرے کو تسلیم کریں گے تو یہ بہت بڑی غلط فہمی ہو گی۔ امریکا کی طرف سے ایسے اشارے ملے ہیں کہ وہ دوبارہ مذاکرات کے لیے تیار ہے۔ دراصل دونوں ملکوں کو "کچھ دو اور کچھ لو" کی پالیسی پر کاربند ہونا چاہیے۔ لیکن ان دونوں ممالک میں "انا کا ٹکراؤ" بنیادی مسئلہ ہے۔ دونوں ممالک اپنے عوام کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جنگ انھوں نے جیتی ہے، ہارنا کوئی بھی پسند نہیں کرے گا لیکن جب دونوں ممالک جیت کے خواہاں ہیں تو "ہارنا" کس کے مقدر میں لکھا ہے۔

ہم جس دور میں جی رہے ہیں جہاں انسان نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں حیرت انگیز ترقی کی ہے۔ انسان نے چاند پر قدم رکھ دیا، خلائی تحقیق نے پوری دنیا کو "گلوبل ولیج" میں تبدیل کر دیا ہے۔ حیرت اس بات پر ہے کہ اکیسویں صدی میں بھی لوگ جنگوں کے ذریعے معاملات طے کرنا چاہتے ہیں، جنگوں نے دنیا کو صرف بربادی دی ہے، انسانی خون ارزاں ہو جاتا ہے، عمارتیں دھوئیں کے بادلوں میں چھپ جاتی ہیں، لاتعداد لوگ جن میں بچے اور عورتیں بھی شامل ہوتی ہیں جسمانی طور پر معذور ہو جاتے ہیں۔ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کو بڑھانے میں اسرائیل کا بہت بڑا ہاتھ ہے جو "گریٹر اسرائیل" کے منصوبے پر عمل پیرا ہے اس نے فلسطین، غزہ اور ایران میں دہشت گردی پھیلا رکھی ہے۔

امریکا نے ایران کو بہت ہلکا لیا تھا، اس نے سوچا تھا کہ ایران بھی ویزویلا کی طرح اس کے لیے تر نوالہ ثابت ہو گا، لیکن ایسا ہوا نہیں۔ ایران کی سرکردہ لیڈرشپ ختم ہو گئی لیکن نہ تو رجیم چینج ہوا نہ ایران نے ہتھیار ڈالے بلکہ امریکا کو ایران نے ناکوں چنے چبوا دیے، جس سے مسلم دنیا بہت خوش ہے۔ امریکی حملوں میں ایران کے کئی شہر ملبے کا ڈھیر بن گئے لیکن ایران میں نہ انارکی پھیلی نہ رجیم چینج ہوا نہ ایران کے حکمران لڑکھڑائے نہ خوفزدہ ہوئے۔ عالمی مبصرین کی اکثریت کہہ رہی ہے کہ امریکا جنگ ہار گیا کیونکہ وہ اپنے اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ امریکا نے کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ وہ یوں سربازار رسوا ہو گا۔ پہلے دور کے مذاکرات سے امریکا یوں پیچھے ہٹا ہے کہ وہ بڑی طاقت ہے۔ کافی باتوں پر اتفاق ہو چکا ہے۔ جنرل عاصم منیر، شہباز شریف اور اسحاق ڈار کی کوششوں سے پندرہ روزہ جنگ بندی ہوئی اور اسرائیل کو بھی منہ کی کھانی پڑی۔ انشاء اللہ پاکستان کا یہ سفارتی اعزاز برقرار رہے گا۔ بھارت کو پاکستان کا یہ اعزاز ایک آنکھ نہیں بھا رہا جب کہ بیشتر بھارتی صحافیوں نے پاکستان کی تعریف کی ہے۔

1945 میں دوسری جنگ عظیم کے دوران 6 اور 9 اگست کو انسانی تاریخ کا سب سے شرمناک واقعہ پیش آیا، جو آج بھی تاریخ کا بدترین دن مانا جاتا ہے۔ اس دن امریکا نے جاپان کے شہر ناگاساکی اور ہیروشیما میں ایٹم بم گرائے تھے جس نے دیکھتے ہی دیکھتے دو سے تین لاکھ کے درمیان لوگوں کی جان لی۔ آج اس دن کے بارے میں سوچا جاتا ہے تو آنکھوں سے آنسو امڈ پڑتے ہیں کہ کیا ایسے انسان بھی ہو سکتے ہیں جو لاکھوں بے گناہ انسانوں کی جان منٹوں میں لے لیتے ہیں۔ اس واقعے نے پوری انسانیت کے دَرو دیوار کو ہلا کر رکھ دیا۔ ایٹمی بمباری کے بعد دیکھتے ہی دیکھتے معصوم لوگوں کے جسموں سے گوشت پگھلنے لگا۔ اس دن کو تاریخ میں سیاہ ترین دن سمجھا جاتا ہے۔ اس بمباری کی وجہ سے آج بھی ناگاساکی اور ہیروشیما میں لوگ پیدا ہوتے ہیں تو ان میں عموماً کوئی نہ کوئی جسمانی نقص پایا جاتا ہے۔ ایٹم بم انسانیت کے لیے انتہائی تباہ کن ہے جب بھی اس کا استعمال ہوا ہے ہمیشہ اس نے تباہی مچائی۔ وہی امریکا جو آج دعوے کرتا ہے کہ وہ ہم سب سے زیادہ انسانیت کے حق میں ہے اس نے 1945 میں سب سے زیادہ انسانوں کو قتل کیا۔

ایران اور امریکا کے درمیان موجودہ کشیدہ صورت حال میں پاکستان ایک اہم ثالث کے طور پر ابھرا ہے جہاں وہ دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات اور پیغامات کی ترسیل کا بنیادی ذریعہ بن چکا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان پاکستان کے ذریعے مسلسل پیغامات کا تبادلہ جاری ہے۔ پاکستان نے حال ہی میں اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات کے بعد دوسرے دور کی میزبانی کی پیشکش بھی کی ہے۔ ان مذاکرات کا بنیادی مقصد خطے میں جاری جنگ کا خاتمہ، ایران پر عائد پابندیوں کی منسوخی اور نقصانات کا ازالہ کرنا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے بھی ایران کے ساتھ ایک جامع معاہدے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ مذاکرات میں سب سے بڑی رکاوٹ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا ہے جس پر ایران مکمل کنٹرول کا اصرار کر رہا ہے۔

پاکستان اور ایران دونوں برادر اسلامی ممالک ہیں جن کے درمیان گہرے تاریخی اور ثقافتی تعلقات ہیں۔ تاہم سرحدی سیکیورٹی اور گیس پائپ لائن جیسے منصوبوں پر کبھی کبھار اختلافات بھی سامنے آتے رہے ہیں۔ اسی طرح پاکستان امریکا کا بھی اتحادی رہا ہے۔ خاص طور پر سیکیورٹی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں۔ تاہم حالیہ برسوں میں پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی میں توازن لانے کی کوشش کی ہے۔ امریکا اور ایران کے تعلقات ایرانی انقلاب کے بعد سے سخت کشیدہ ہیں۔ پاکستان کے لیے اس وقت سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ وہ امریکا کے ساتھ اپنی حکمت عملی پر توجہ دے اور اسے برقرار رکھتے ہوئے اپنے پڑوسی ملک ایران کے ساتھ بھی بہتر تعلقات قائم رکھے۔ یہی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

چلیے جناب پاکستان کا وقار دنیا میں بلند ہو گیا ہے۔ اب جناب شہباز شریف کو ملک کے داخلی معاملات پر توجہ دینی چاہیے۔ بہت تعریفیں ہو گئیں، کیا ہی اچھا ہو کہ ملک کے داخلی معاملات سلجھانے پر بھی اتنی ہی تعریفیں ملیں جتنی کہ ایران، امریکا جنگ رکوانے پر ملی ہیں۔

بھارت وبنگلہ دیش تعلقات: پاکستان کہاں کھڑا ہے؟

تنویر قیصر شاہد

بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم، شیخ حسینہ واجد، کے پندرہ سالہ دَورِ حکومت میں بنگلہ دیشی عوام اور بنگلہ دیشی سماج کی جو درگت بنی، وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ کسی نے اُس دَور کی اجتماعی بنگلہ دیشی شکل ملاحظہ کرنی ہو تو آج کی بنگلہ دیشی پارلیمنٹ کی معروف رکن، بیرسٹر میر احمد بن قاسم ارمان، کی شائع ہونے والی تازہ کتاب (اندھیری جیل کا قیدی) کا مطالعہ کر لے۔ سب چانن ہو جائے گا۔

شیخ حسینہ واجد کے متنوع مظالم، استحصالی قوانین اور بھارت کی جانب بے تحاشہ جھکاؤ سے بغاوت کرتے ہُوئے بنگلہ دیشی طلبا و نوجوان طبقہ نے "عوامی لیگ" اور حسینہ واجد کی حکومت کا تختہ اُلٹ دیا۔ یہ غیر معمولی واقعہ اگست 2024 کو وقوع پذیر ہُوا۔ تختہ اُلٹنے کی تحریک میں مبینہ طور پر 1400 بنگلہ دیشی نوجوان قتل کر دیے گئے۔ اِن سانحات کی تمام ذمے داری شیخ حسینہ واجد اور بھارتی اسٹیبلشمنٹ پر عائد کی گئی۔

حکومت کے خاتمے پر حسینہ واجد بنگلہ دیش سے فرار ہو کر اپنے محسن ملک، بھارت، میں پناہ گزیں ہو گئیں۔ اب تک وہیں ہیں۔ متنوع اور سنگین الزامات کے تحت بنگلہ دیشی عدالت حسینہ واجد کو سزائے موت بھی سنا چکی ہے۔ بنگلہ دیش میں پروفیسر محمد یونس کی سابقہ عبوری حکومت نے متعدد بار بھارت سے مطالبہ کیا تھا کہ حسینہ واجد کو ہمارے حوالے کیا جائے، مگر مودی حکومت نے یہ مطالبہ ماننے سے صاف انکار کر دیا۔

حسینہ واجد کی حکومت ختم ہونے کے بعد نوبل انعام پانے والے معروفِ عالم بنگلہ دیشی پروفیسر محمد یونس کی عبوری حکومت قائم کی گئی۔ اُن کی 18 ماہانہ حکومت کے دوران بھارت و بنگلہ دیش تعلقات نچلے درجے پر دیکھے گئے۔ اِسی عرصے میں پاکستان و بنگلہ دیش تعلقات نئی بلندیوں پر پائے گئے۔ اور اِسی دوران کئی بنگلہ دیشی عسکری شخصیات نے بھی پاکستان کے دَورے کیے۔ پاک، بنگلہ دیش سفارتی و تجارتی تعلقات میں خاصا اضافہ ہُوا۔ بھارتی اسٹیبلشمنٹ کے لیے یہ مناظر خاصے تکلیف دِہ تھے، مگر اُس نے خاموش رہ کر بنگلہ دیش سے اپنے تعلقات کو بالکل ہی منقطع نہ ہونے دیا۔

کشیدہ تعلقات کو بحال کرنے کے لیے بھارتی وزیر خارجہ، جے شنکر، ڈھاکہ میں اُس وقت پُرجوش انداز میں دیکھے گئے جب سابق بنگلہ دیشی وزیر اعظم (خالدہ ضیاء) کا (یکم جنوری 2026 کو) جنازہ اُٹھا۔ تجزیہ نگاروں کا کہنا تھا کہ جے شنکر کی مذکورہ شرکت اِس امر کا عندیہ ہے کہ بھارت کسی بھی طور بنگلہ دیش کو اپنے ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہتا اور نہ ہی یہ چاہتا ہے کہ وہ پکے ہُوئے پھل کی طرح پاکستان کی گود میں جا گرے۔ جب کہ پاکستان کا شائد یہ خیال تھا کہ پروفیسر یونس کی عبوری حکومت کے دوران پاک، بنگلہ دیش تعلقات میں جو شاندار اُبھار آیا ہے، یہ یونہی برقرار رہے گا۔

ایسا مگر نہیں ہو سکا ہے۔ ہم مشاہدہ کر رہے ہیں کہ فروری 2026 کو بنگلہ دیش میں منعقد ہونے والے عام انتخابات کے بعد جونہی BNP کی حکومت آئی اور (خالدہ ضیاء مرحومہ کے صاحبزادے) جناب طارق رحمن بنگلہ دیش کے وزیر اعظم منتخب ہُوئے، بھارت اور بنگلہ دیش کی قربتوں میں پہلے کی طرح پھر اضافہ ہونے لگا ہے۔

یاد رہے یہ بھارتی وزیر اعظم، نریندر مودی، ہی تھے جنھوں نے طارق رحمن صاحب کی جماعت کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر (پاکستان سے پہلے) طارق رحمن کو انتخابی فتح کی مبارکباد دی تھی۔ طارق رحمن کی حکومت بنتے ہی بنگلہ دیش کے نئے وزیر خارجہ، خلیل الرحمن، نے سب سے پہلے بھارت کا 2 روزہ دَورہ کیا ہے۔ یہ دَورہ 8 اپریل 2026 کو عمل میں آیا۔ خلیل الرحمن نے اِس وِزٹ کے دوران بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر اور مودی کے نیشنل سیکیورٹی ایڈوائزر، اُجیت ڈووَل، (جو پاکستان دشمنی میں خاصے معروف و مشہور ہیں) سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ خلیل الرحمن نے بھارتی وزیر پٹرولیم، ہردیپ سنگھ پوری، سے بھی مفصل ملاقاتیں کیں۔

بھارتی میڈیا بامسرت اعتراف کر رہا ہے کہ حسینہ واجد کی حکومت کے خاتمے اور پروفیسر یونس کی عبوری حکومت کے دوران بنگلہ دیشی و بھارتی حکومت میں عدم اعتماد کے جو کئی بحران دَر آئے تھے، اب طارق رحمن کی حکومت کے آتے ہی اِن بحرانوں کا دھیرے دھیرے خاتمہ ہو رہا ہے۔ ازسرِ نَو تعلقات میں مضبوطی آ رہی ہے۔ مثال کے طور پر بنگلہ دیشی وزیر خارجہ، خلیل الرحمن، نے بھارتی وزیر پٹرولیم سے دانستہ جو تفصیلی ملاقاتیں کی تھیں، اُن کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ مارچ میں بھارت نے طارق رحمن کی بنگلہ دیشی حکومت کو، دو اقساط میں، 15 ہزار ٹن پٹرول و ڈیزل فراہم کیا۔ اپریل 2026 میں بھارت مزید 40 ہزار ٹن ڈیزل بنگلہ دیش کو فراہم کرنے کا اعلان کر چکا ہے۔ ایران، امریکا و اسرائیل جنگ کے دوران پیدا ہونے والے شدید توانائی بحران پر قابو پانے کے لیے بنگلہ دیش نے بھارتی اعانت کا سہارا لیا۔ اِس بروقت بھارتی احسان کا ایک نتیجہ یہ بھی نکلا ہے کہ بھارت و بنگلہ دیش بگڑے سفارتی تعلقات و روابط میں پھر سے بحالی کا آغاز ہو چکا ہے۔

بنگلہ دیشی دارالحکومت، ڈھاکہ، سے شائع ہونے والے معروف انگریزی اخبار "دی ڈیلی اسٹار" نے 9 اپریل 2026 کو خبر دی ہے کہ بنگلہ دیش ریلویز 200 کی تعداد میں بھارت سے بنے بنائے ریل ڈبے (Coaches) خرید رہی ہے۔ بنگلہ دیشی پارلیمنٹ میں اِس کا باقاعدہ اعلان بنگلہ دیش کے وزیر ریلوے، شیخ ربیع العالم، نے کیا۔ بھارت یہ آرڈر دسمبر 2027 تک مکمل کرے گا۔ اِس بھاری بھرکم سودے کے اخراجات "یورپین انویسٹمنٹ بینک" برداشت کرے گا۔ اور مذکورہ بینک نے یہ رقم بنگلہ دیش کو قرض میں دی ہے۔

مالی فائدہ مگر بھارت کو پہنچے گا۔ اِسی طرح کرکٹ کے میدان میں بھارت و بنگلہ دیش تعلقات میں جو دراڑ پڑ گئی تھی، اُسے بھی درست کیا جا رہا ہے۔ اِس کے لیے بھی طارق رحمن کی بنگلہ دیشی حکومت نے ہی بھارت کی طرف ہاتھ بڑھایا ہے۔ اب تعلقات کی بحالی کے لیے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (BCB) نے بھارتی کرکٹ بورڈ کو خط لکھ دیا ہے۔ اِس خط میں BCB کے ڈائریکٹر آپریشنز، نظم العابدین فہیم، نے اِس خواہش کا برملا اظہار کیا ہے کہ "ستمبر 2026 میں بنگلہ دیشی کرکٹ ٹیم شیڈول کے مطابق بھارت میں کھیلنے کے لیے آنا چاہتی ہے۔" یوں بھارت و بنگلہ دیش قربتوں کا ایک اور موقع آیا ہے۔

لگتا یہی ہے کہ بنگلہ دیش چاہتے ہُوئے بھی بھارت سے کامل نجات حاصل نہیں کر سکتا کہ متعدد شعبوں میں بنگلہ دیش ہر پہلو سے بھارت پر انحصار کرتا ہے۔ دریائے "تیسٹا" کے پانی کی غیر منصفانہ تقسیم پر بنگلہ دیش کی بھارت سے ناراضی نمایاں ہے۔ بھارت میں بنگلہ دیشی شہریوں اور بنگالی زبان بولنے والوں سے جو غیر انسانی سلوک کیا جاتا ہے، اِس منظر سے بھی بنگلہ دیشی عوام بھارت سے خاصے ناخوش ہیں۔ بنگلہ دیشیوں کے لیے بھارتی ویزہ پالیسی بھی برابری اور انصاف پر مبنی نہیں ہے۔

بھارتی BSF (بارڈر سیکیورٹی فورسز) کے مسلح اہلکار آئے روز بنگلہ دیش و بھارت کی مشترکہ سرحد پر بنگلہ دیشی شہریوں کو بے جا طور پر قتل کر ڈالتے ہیں اور بنگلہ دیش احتجاج ہی کرتا رہ جاتا ہے۔

11 اپریل 2026 کو تقریباً تمام بھارتی اخبارات نے یہ خوفناک خبر شائع کی ہے: "بھارتی بارڈر سیکیورٹی فورسز کے ڈائریکٹر جنرل نے بھارت، بنگلہ دیش سرحد پر تعینات اپنے جملہ ماتحتوں کو حکم دیا ہے کہ اِس امر کا جائزہ لیں کہ بھارت و بنگلہ دیش کی مشترکہ سرحد کے درمیان بہنے والے دریاؤں اور ندی نالوں میں اگر زہریلے سانپ اور خونخوار مگرمچھ چھوڑ دیے جائیں تو کیا اِس اقدام سے بنگلہ دیشیوں کو بھارت میں داخل ہونے سے روکا جا سکتا ہے؟" اِس پر ایک بھارتی صحافی (سنجیو کرشن سُوڈ) نے لکھا کہ "سوال یہ ہے کہ اِس مہلک زہریلی مخلوق کو بھارتی شہریوں کو کاٹنے سے کیسے منع کیا جائے گا؟"

پاکستان میں ٹرانس شپمنٹ کارگو کی آمد

عبدالحمید

امریکا، اسرائیل اور ایران کے مابین جنگ بندی 22 اپریل 2026 کی صبح تک مؤثر تھی۔ خیال کیا جا رہا تھا کہ دونوں فریقوں کے مابین مذاکرات ہوں گے اور مسئلے کا کوئی حل نکل آئے گا۔ مذاکرات کے لیے اسلام آباد کو ہر لحاظ سے تیار کیا گیا تھا۔ صدر ٹرمپ نے اپنا وفد اسلام آباد بھیجنے کا اعلان کیا لیکن ایران نے مذاکراتی وفد روانہ کرنے کے سلسلے میں کوئی عندیہ نہ دیا۔ پاکستان کی کوششوں سے ایران نے آبنائے ہرمز کھولی لیکن امریکا نے ایران کے اردگرد پانیوں میں بحریہ متعین کر کے ایران کی بحری ناکہ بندی کر دی۔ یوں ایران کی تیل وگیس سے ہونے والی آمدن ٹھپ ہو گئی۔

یہ ایران کے لیے زندگی اور موت کے معاملے کی طرح ہے۔ جب مقررہ آخری وقت تک ایرانی وفد مذاکرات کے لیے نہ آیا تو صدر ٹرمپ نے پاکستانی قیادت کی طرف سے درخواست کا کہہ کر جنگ بندی میں غیر معینہ مدت کے لیے توسیع کر دی۔ دراصل امریکا اس جنگ سے تھک چکا ہے لیکن کمزوری بھی نہیں دکھانا چاہتا۔ انھی کالموں میں پہلے کہا جا چکا ہے کہ جنگ ختم ہو گئی ہے۔ ایران پر اب شاید کبھی حملہ نہ ہو۔

اس جنگ سے امریکی سپر پاور کو شدید دھچکا لگا ہے۔ اس کی ہوا اکھڑ گئی ہے۔ وہ قابلِ اعتماد سیکیورٹی دینے والا ملک نہیں رہا۔ ایران کے لیے ناکہ بندی اس کا گلہ دبانے کے برابر ہے۔ امریکا اب پاکستان پر دباؤ ڈال رہا ہے کہ ایران کو ڈیل کے لیے منائے۔ پاکستان کو دامن بچانا ہو گا۔

جس طرح ہر سکے کے دو رخ ہوتے ہیں اسی طرح ہر واقعے میں منفی اور مثبت پہلو پنہاں ہوتے ہیں۔ امریکا، اسرائیل نے ایران پر جنگ مسلط کی جس کے نتیجے میں خلیجی ممالک سے دوسرے ممالک کو تیل، گیس اور فرٹیلائزر و ایل این جی کی ترسیل بہت مشکل ہو گئی۔ اس نزاع کی بدولت ساری دنیا کی معیشت مشکلات کا شکار ہو چکی ہے۔ چونکہ جہاز رانی سب سے زیادہ مشکلات سے دوچار ہوئی ہے اس لیے آپ نے خبروں میں پڑھا ہو گا کہ پاکستان کی بندرگاہوں پر بہت زیادہ تعداد میں کنٹینر کارگو آیا ہے۔

پاکستان کے لیے یہ ایک خوش آئند بات ہے۔ دراصل آبنائے ہرمز کی بندش کی وجہ سے وہاں کی بندرگاہوں تک جہازوں کا پہنچنا اور کارگو لے کر واپس لوٹنا تقریباً ناممکن بن گیا تھا اس لیے جبلِ علی، خلیفہ پورٹ اور ہرمز سے ذرا باہر سلالہ کی بندرگاہوں سے جہازوں نے دوری اختیار کی اور اپنا رخ پاکستانی بندرگاہوں کی جانب موڑ دیا۔ صرف ایک مارچ کے مہینے میں کراچی بندرگاہ میں کارگو ہینڈلنگ ایکٹوٹی میں 1400 فیصد اضافہ ہوا۔ یہ بڑھوتی پورے 2025 کی ایکٹوٹی کے برابر ایک ماہ میں ہوئی۔ ہمیں دیکھنا ہے کہ بڑھوتی کا یہ عمل مستقبل میں بھی جاری رہ سکتا ہے یا پھر یہ ایک جز وقتی ابال تھا اور یہ برقرار نہیں رہے گا۔ کراچی کی بندرگاہ ماضی قریب میں ہماری پالیسیوں کی بدولت ٹرانس شپمنٹ مرکز کے طور پر نہیں ابھری۔ ہماری بندرگاہوں میں آنے والا کارگو دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک ہمارا نیشنل کارگو اور دوسرا لینڈ لاکڈ پڑوسیوں مثلاً افغانستان اور سینٹرل ایشیائی ریاستوں کا کارگو۔

امریکا، ایران تنازعے میں ٹرانس شپمنٹ کارگو صرف ہمارے ہاں ہی نہیں آیا بلکہ یہ انڈیا کی بندرگاہوں کی طرف بھی گیا ہے۔ حتیٰ کہ یہ کارگو سنگاپور تک پہنچا ہے، کراچی کی بندرگاہ پر چار پانچ جہازوں سے 8 ہزار سے کچھ اوپر کنٹینرز اتارے گئے ہیں۔ اسی طرح ایک بہت بڑا جہاز پورٹ قاسم پر بھی لنگر انداز ہوا جس سے 4 ہزار سے اوپر کنٹینرز لائے گئے۔ گوادر کی بندرگاہ پر بہت سا نان کنٹینر کارگو لایا گیا۔ یہ بہت بڑی کارگو ایکٹوٹی لگتی ہے لیکن اصل میں یہ ہماری بندرگاہوں کی کارگو ہینڈلنگ صلاحیت کے حساب سے سال میں صرف دو دن کی ایکٹوٹی کے برابر ہے۔ البتہ یہ کارگو اس حوالے سے بہت اہم ہے کہ یہ ہماری بندرگاہوں کے لیے نیا کارگو ہے۔

یہ ہمارے نیشنل کارگو اور ٹرانزٹ کارگو سے ہٹ کر ٹرانس شپمنٹ کارگو ہے جو کہ پہلے نہیں آ رہا تھا۔ اسے ایک جہاز سے اتار کر اور دوسرے جہاز میں لاد کر منزلِ مقصود کی طرف روانہ کر دیا جاتا ہے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کا کتنا امکان ہے کہ یہ عمل اب جاری رہے گا اور کنفلکٹ خاتمے پر ختم تو نہیں ہو جائے گا۔ اس ایکٹوٹی کو جاری رکھنے کے



سارے شہر میرے شہر

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہی ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

صبا اصغر نے 10 لاکھ گیلن گنجائش کے بارشی پانی کے اندر گراؤنڈ سٹوریج ٹینک کے منصوبے کا جائزہ لیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے ڈسکہ میں لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر نگرانی پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہر میں جاری سیوریج سسٹم کی بہتری، سڑکوں کی بحالی اور نکاسی آب کے منصوبوں پر پیش رفت کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مسائل کا جلد از جلد ازالہ ممکن ہو سکے اور معیاری میونسپل سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مشن کمپاؤنڈ میں زیر تعمیر 10 لاکھ گیلن گنجائش کے بارشی پانی کے اندر گراؤنڈ اسٹوریج ٹینک کے منصوبے کا بھی جائزہ لیا۔ انہیں بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس ٹینک میں جمع ہونے والا بارشی پانی قابلِ استعمال بنایا جائے گا، جو نہ صرف پانی کے ضیاع کو روکے گا بلکہ شہری ضروریات کے لیے ایک متبادل ذریعہ بھی فراہم کرے گا۔ جبکہ سٹوریج ٹینک کے اوپر 2300 اسکوائر فٹ پر لینڈ اسکیپ پارکس بھی تعمیر کیا جائے گا جس پر وکٹورین لائٹس اور دیگر تفریحی سہولیات فراہمی کی جائیں گی۔ اس موقع پر رانا ابرار حسین (ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ) اور صائم سرور (ایم او سروسز) نے جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

اوکاڑہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کا سکولوں میں میٹرک کے سنٹرز کا دورہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی محمد یوسف کا سکولوں میں میٹرک کے سنٹرز کا دورہ اور امتحانی عمل کی چیکنگ، انہوں نے میٹرک کے سالانہ امتحانات کے شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے گورنمنٹ ہائی سکول اشرف المدارس اور گورنمنٹ گرلز سلوچ ہائی سکول میں قائم امتحانی مراکز کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے امیدواروں کی حاضری، امتحانی ہال میں روشنی و بیٹھنے کے انتظامات اور سیکورٹی کی صورتحال کا معائنہ کیا۔ سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف نے امتحانی مراکز میں تعینات عملے کو ہدایت کی کہ وہ نیرالعلیٰ پنجاب کے رولز کے تحت نقل کے ناسور کو جڑ سے ختم کیا جائے۔

سیالکوٹ، پولیس کی کارروائی، 2 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار

ملزموں سے 2 لاکھ روپے نقدی، موبائل، ناجائز اسلحہ و گولیاں برآمد کی گئیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تھانہ بمبانوالہ کے ایس ایچ او عامر علی سندھو کی بڑی کارروائی، متعدد وارداتوں میں ملوث 2 رکنی ڈکیت گینگ ساتھی سمیت گرفتار مقدمہ درج مال مسروقہ ناجائز اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بمبانوالہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد وارداتوں میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت فہیم اور شہزیب کے نام سے ہوئی ہے ایس ایچ او عامر علی سندھو کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو حراست میں لیا، جبکہ ان کے قبضہ سے تقریباً 2 لاکھ روپے نقدی، 2 موبائل فونز اور 2 عدد بسطل برآمد کر لیے گئے ڈی ایس پی سرکل ڈسکہ گوہر عباس بھٹی نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا پولیس کے مطابق ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور مزید کارروائی متوقع ہے۔

ننکانہ صاحب، عازمینِ حج کیلئے شاندار تربیتی نشست کا انعقاد

500 سے زائد مرد و خواتین عازمین حج کی شرکت، شیخ عابد فیروز نے میزبانی کے فرائض انجام دیئے

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ننکانہ صاحب میں عازمین حج کے لیے ایک شاندار اور پروقار الوداعی تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں 500 سے زائد مرد و خواتین عازمین حج نے شرکت کی۔ نشست کا اہتمام حج ٹریننگ سنٹر کے بانی مرحوم شیخ فیروز الدین احمد ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ، ہاؤسنگ کالونی روڈ پر کیا گیا، جبکہ ان کے صاحبزادے ڈسٹرکٹ حج لیڈر شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ نے میزبانی کے فرائض انجام دیے تفصیلات کے مطابق تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت محمد عبداللہ خالد نے حاصل کی، جبکہ قاری ذوالفقار چشتی اور شیخ سلمان عابد نے بارگاہ رسالت (ﷺ) میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ تربیتی نشست میں شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ، شیخ عمیر عابد ایڈووکیٹ، حاجی جاوید احمد اور پروفیسر یاسمین قمر نے عازمین کو مناسک حج و عمرہ، سفر کی تیاری، ضابطہ اخلاق اور عملی امور پر تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ ماہرین نے عملی مشقوں کے ذریعے طواف، سعی اور دیگر مناسک کی درست ادائیگی بھی سکھائی۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ ہسپتال میں سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

ن لیگ کی قیادت جلد ملک کو بحرانوں سے نکالے گی، ساجد امین بٹ

وزیراعلیٰ کی مثالی اقدامات کی بدولت پنجاب ترقی کی رفتار میں سب سے آگے ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سٹی نائب صدر ساجد امین بٹ نے کہا ہے کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کے سعودی عرب قطر اور ترکی کے دورے اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران خطہ میں پائیدار امن کے قیام کی کوششوں کا تسلسل ہیں پاکستان ایران امریکہ مذاکرات کی کامیابی کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے تاکہ دنیا بھر کی معاشی سرگرمیاں بحال ہو سکے پاکستان کو ملنے والی عزت و وقار موجودہ سیاسی و عسکری قیادت کی انتھک جدوجہد اور مربوط خارجہ پالیسی کا ثمر ہے، عوام کے محبوب لیڈر میاں نواز شریف کی قیادت میں وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز تعمیر و ترقی کے ویژن کی تکمیل کیلئے کوشاں اور میرٹ کی بالادستی یقینی بنانے کیلئے سرگرم عمل ہیں (ن) لیگ کی قیادت جلد ملک کو تمام بحرانوں سے نکال کر خوشحالی کا گہوارہ بنائے گی پاکستانی معیشت میں بہتری آئی ہے روزگار کے مواقع بڑھے ہیں اور مہنگائی کی شرح بتدریج کم ہوئی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی انقلابی اصلاحات اور مثالی اقدامات کی بدولت پنجاب ترقی کی رفتار میں سب سے آگے ہے صوبہ بھر انتظامی محکمے فعال اور بنیادی سہولیات عوام کو انکی دہلیز پر میسر ہیں۔

گوجرانوالہ پریس کلب ورکر جرنلسٹ گروپ کے زیر اہتمام 25 اپریل کو جنرل باڈی کا اجلاس ہوگا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گجرانوالہ پریس کلب ورکر جرنلسٹ گروپ کے زیر اہتمام 25 اپریل کو گجرانوالہ پریس کلب میں دن چار بجے جنرل باڈی کا اجلاس ہوگا گجرانوالہ گزشتہ روز اس سلسلے میں ورکر جرنلسٹ گروپ کا انتخابی اہم اجلاس ہوا جس میں تمام گروپس کے رہنماؤں نے شرکت کی اس موقع پر صدر پریس کلب حافظ شاہد منیر جنرل سیکرٹری تنویر احمد بٹ کی طرف سے بتایا گیا کہ گوجرانوالہ پریس کلب پر نو جولائی کو شب خون مارا گیا اور پولیس فورس کی طاقت سے گجرانوالہ کے ورکرز سے کلب چھین کر یہ اعلان کیا گیا کہ دسمبر کے اندر الیکشن ہوگا لیکن اب اپریل اپچا ہے اور ابھی تک نہ ہی کوئی الیکشن شیڈول کا اعلان کیا گیا ہے۔

بی آر ٹی یلو لائن گوجرانوالہ پر تعمیراتی سرگرمیاں تیزی سے جاری، ڈپٹی کمشنر

شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کیساتھ ماحول کو بھی دلکش بنایا جا رہا ہے، محمد نوید

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) میٹرو بس سروس کے میگا پراجیکٹ، بی آر ٹی یلو لائن گوجرانوالہ پر تعمیراتی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ/وزیر آباد نوید احمد نے گلشن میں جاری منصوبے کا دورہ کیا، جہاں ایف ڈبلیو او کے کیمپ آفس میں انہیں منصوبے کی اب تک کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی بلال فاروق تارڑ بھی موجود تھے۔ افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت گوجرانوالہ کے شہریوں کو عالمی معیار کی سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اس میگا پراجیکٹ پر تیزی سے کام جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر اور ایم این اے نے مختلف میٹرو بس اسٹیشنز کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ بھی کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بی آر ٹی یلو لائن کی تکمیل سے شہریوں کو جدید، محفوظ اور تیز رفتار سفری سہولیات میسر آئیں گی، جس سے ٹریفک کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی اور شہری زندگی میں آسانی پیدا ہوگی۔

پاکستان کے باشعور عوام ن لیگ کے ساتھ کھڑے ہیں، عارف سندھیلہ

حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر سابق رکن پنجاب اسمبلی و امیدوار این اے 115 محمد عارف خان سندھیلہ نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام کا مریم نواز شریف کی کارکردگی پر بھرپور اطمینان کا اظہار حکومتی اعلیٰ کارکردگی کا نتیجہ ہے آنے والے دنوں میں عوام کو مزید ریلیف ملے گا اور صوبائی تعمیر و ترقی کے عمل میں نہایت تیزی آئے گی، حکومتی کاوشوں سے جلد پاکستان معاشی بحرانوں سے نکل کر ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے جو حکومت کیلئے نہایت نیک شگون ہے (ن) لیگ ایک عوامی سیاسی جماعت ہے جس کے کارکنان محب وطن ہیں جنہوں نے ہمیشہ ملکی مفاد کو اپنے ذاتی مفاد پر ترجیح دی ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے باشعور عوام (ن) لیگ کے ساتھ کھڑے ہیں اور وفاقی و پنجاب حکومت پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں، ہر پاکستانی آگاہ ہے کہ کوئی جماعت عوام کے مسائل حل کرنے والی اور کوئی انتشار پھیلانے والی ہے، پی ٹی آئی کی انتشار کی سیاست نے ملکی معاشرتی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں یہ سیاسی جماعت نہیں انتشار پسندوں کا ٹولہ ہے جو سیاسی لبادہ اوڑھ کر شدت پسندی کے رجحانات کو مسلسل فروغ دے رہا ہے۔

ننکانہ صاحب، حج تربیتی نشست سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

حکمران ملکی معیشت کی بحالی میں سنجیدہ نہیں، غلام نبی ورک

اگر انہیں ملکی معیشت کو توانا کرنے کی فکر ہے تو اپنے اثاثے فوری پاکستان منتقل کریں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے ضلعی رہنما و سابق چیف کوآرڈینیٹر میونسپل کمیٹی حاجی غلام نبی ورک نے کہا ہے کہ حکمران ملکی معیشت کی بحالی میں سنجیدہ نہیں ان کی جائیدادیں و کاروبار بیرون ممالک میں ہیں یہ بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کی باتیں کر کے عوام کو تسلیاں دے رہے ہیں اگر انہیں ملکی معیشت کو توانا کرنے کی فکر ہے تو اپنے اثاثے فوری پاکستان منتقل کریں، موجودہ کرپٹ حکمرانوں کے برسر اقتدار رہتے ملکی معاشی حالات تبدیل نہیں ہو سکتے ایسے تمام افراد کو اعلیٰ عہدوں سے الگ ہونا چاہیے جن کی جائیدادیں بیرون ممالک میں موجود ہیں اعلیٰ غیر سنجیدگی و مفاد پرستی پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے غیر محفوظ ظاہر کرتی ہے جس سے بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد متزلزل ہوتا ہے، حکمرانوں کی نااہلی کے باعث عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے پاکستان کے باشعور عوام اب کسی کو قومی خزانے پر ہاتھ صاف نہیں کرنے دیں گے کرپٹ ٹولہ اپنی خیر منائے قوم ان سے ملکی دولت کی لوٹی گئی پائی پائی کا حساب لے گی۔

سپیشل بچوں کا معیار زندگی بہتر بنانا اخلاقی فریضہ ہے، اشفاق نذر

آج کے نونہال مستقبل کے معمار ہمیں ہر طرح سے بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہوگی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیراعظم سے ایوارڈ یافتہ کیٹین گرین پاکستان کے قومی کوآرڈینیٹر و سماجی راہنما محمد اشفاق نذر نے کہا ہے کہ حکومت والدین، اساتذہ اکرام اور معاشرے کو ملکر بچوں بالخصوص اسپیشل بصارت سے محروم بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینا ہوگی اور اسپیشل بچوں کا معیار زندگی بہتر بنانے اور انہیں مفید شہری بنانا ہم سب کا انسانی، اخلاقی اور قومی فریضہ ہے تاکہ بصارت سے محروم بچے پڑھ لکھ کر ملک و قوم کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ حکیم الامت اسپیشل ایجوکیشن سنٹر برائے بصارت جسمانی معذوری کی سالانہ انعامات کی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ تقریب میں (ریٹائرڈ) ڈائریکٹر و ڈپٹی ڈائریکٹر ان محترمہ شاہانہ ملک، عبدالحمید، محمد عارف اور سماجی راہنما سہیل جان نے شرکت کی تقریب سے انچارج اسپیشل ایجوکیشن سنٹر محمد عمران بیگ نے بھی خطاب کیا۔ محمد اشفاق نذر نے کہا کہ آج کے نونہال مستقبل کے معمار ہیں ہمیں ہر طرح سے بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہوگی تقریب میں پوزیشن ہولڈرز تعلیم بچوں میں ٹرفیاں، سرٹیفکیٹ اور انعامات تقسیم کیے اور اس موقع پر ماں جی جنت صابر کی جانب سے انکے مرحوم شوہر میاں محمد سلیم کے ایصال ثواب کیلئے بچوں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

مصطفیٰ آباد: بدنام زمانہ منشیات فروش سے ساڑھے تین کلوگرام چرس برآمد

ضلع سے آخری منشیات فروش کی گرفتاری تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ایس ایچ او

مصطفیٰ آباد (نمائندہ) بدنام زمانہ منشیات فروش ساڑھے تین کلوگرام چرس سمیت گرفتار، تھانہ مصطفیٰ آباد پولیس کی ایس ایچ او حیدر علی سندھو کی زیر نگرانی پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، سربراہی روڈ سے بدنام زمانہ منشیات فروش عمران عرف مانی رنگے ہاتھوں گرفتار، بدنام زمانہ منشیات فروش سے لاکھوں روپے مالیت کی ساڑھے تین کلوگرام چرس برآمد، ملزم قبضہ مصطفیٰ آباد میں منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ عرصہ دراز سے کر رہا تھا۔ خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد میاں حیدر علی سندھو کی زیر نگرانی پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، سربراہی روڈ سے بدنام زمانہ منشیات فروش عمران عرف مانی رنگے ہاتھوں گرفتار، بدنام زمانہ منشیات فروش سے لاکھوں روپے مالیت کی ساڑھے تین کلوگرام چرس برآمد، ملزم قبضہ مصطفیٰ آباد میں منشیات فروشی کا مکروہ دھندہ عرصہ دراز سے کر رہا تھا۔ ایس ایچ او حیدر علی سندھو کی سربراہی میں کامیاب کارروائی، ڈی پی او آفتاب احمد بلکھروان کی زیر نگرانی ضلع سے آخری منشیات فروش کی گرفتاری تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او آفتاب احمد بلکھروان کے

مصطفیٰ آباد: گرفتار ہونے والا بدنام زمانہ منشیات فروش عمران عرف مانی حراست میں کھڑا ہے

سانگلہ ہل: کمیٹی بازار اور حمید نظامی روڈ کے درمیان گرین بیلٹ بنانا ظلم تاجروں کی دہائی

سانگلہ ہل (نامہ نگار) سانگلہ ہل میں بیوٹیفکیشن اسکیم کے نام پر بازاروں کو آمد و رفت کیلئے محدود کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے کاروبار متاثر ہونے کے خدشات ہیں سانگلہ ہل کمیٹی بازار اور حمید نظامی روڈ پر گرین بیلٹ بنانے سے تاجر برادری کے چولہے ٹھنڈے پڑ جائیں گے گذشتہ روز سانگلہ ہل میں تاجروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ اگر بازاروں میں گرین بیلٹ بنائی گئیں تو خریداری کرنے کیلئے آنے والے لوگوں اور چھوٹی ٹریفک کیلئے مسائل بڑھ جائیں گے انہوں نے ڈی سی ننکانہ صاحب تسلیم اختر راہو سے نظر ثانی کا مطالبہ کیا اور سماجی برادری کو بتایا کہ حمید نظامی روڈ اور کمیٹی بازار محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس بھی ہیں۔

اسلام کی حقیقی تعلیمات اصلاحِ معاشرہ کا ذریعہ ہیں، صوفی الطاف حسین

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) معروف دینی و سماجی رہنما صوفی الطاف حسین نے کہا ہے کہ دینِ اسلام امن محبت درس دیتا ہے اور اس کی اصل روح کو سمجھنے کی اشد ضرورت ہے دینِ اسلام کی حقیقی تعلیمات دراصل اصلاحِ معاشرہ کا ذریعہ ہیں سماجی امن اور نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم قرآن مجید کی تعلیمات کو اپنائیں اور اپنی زندگیوں کو ان اصولوں کے مطابق ڈھالیں اسلام ہرگز فرقہ واریت یا گروہ بندی کی اجازت نہیں دیتا بلکہ واضح طور پر تلقین کرتا ہے کہ امت ایک رہے اور تفرقہ بازی سے گریز کرے اگر انسان قرآن کی ہدایات پر عمل کرے تو معاشرے میں امن، سکون اور بھائی چارہ خود بخود قائم ہو جاتا ہے۔

گوجرہ، چوروں نے ٹینٹ سروس دکان کا صفایا کر دیا

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) چوروں نے ٹینٹ سروس دکان کا صفایا کر دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ چک نمبر 358 ج ب کے مکان شبیر نے ٹینٹ سروس کی دکان بنا رکھی ہے جو حسب معمول دکان بند کر کے گھر چلا گیا اس دوران نا معلوم چوروں نے دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے کی دیگیں، شامیانے اور دیگر سامان چوری کر لیا اور فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر صدر پولیس نے مقدمہ درج کر کے چوروں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

گوجرہ، بجلی چوری کرنیوالے 2 افراد پکڑے گئے

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) لیسکو ٹاسک فورس نے میٹروں سے ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے دو افراد نے ہاتھوں پکڑ لئے۔ لیسکو حکام کو اطلاع ملی کہ چک نمبر 415 ج ب کا طارق محمود اور چک نمبر 164 ج ب کا محمد بوٹا اپنے میٹروں سے ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے میں مصروف ہیں جس پر انہوں نے چھاپے مار کر بجلی چوری کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔

ایران امریکہ مذاکرات کیلئے پاکستان کی کوششیں رنگ لا رہی ہیں: میاں خالد محمود

مملکت خداداد پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام جماعتوں کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ ایران امریکہ مذاکرات کیلئے پاکستان کی کوششیں رنگ لا رہی ہیں اور خطہ میں پائیدار قیام امن ممکن ہونے کی راہ ہموار ہونے سے سمیت ملکی وقار میں اضافہ ہوا ہے جس پر وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر خراج تحسین کے حقدار ہیں، مملکت خداداد پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام جماعتوں کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا ذاتی اور گروہی مفادات کو پس پشت ڈال کر اجتماعی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک اور قوم کی بہتری کیلئے متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ درپیش مسائل کے بھنور میں پھنسی ملکی معیشت کی کشتی کو نکال کر کنارے لگایا جا سکے، اداروں اور عوام میں نفرت کو فروغ دینا ملکی سلامتی کیلئے شدید خطرہ ہے اس سازش میں شامل تمام کرداروں کا کڑا محاسبہ کیا جائے سیاسی عدم استحکام نے ملکی معیشت کو تباہ کیا سیاستدان اقتدار کی رسہ کشی کی بجائے ملکی ترقی اور عوام کی خوشحالی پر توجہ دیں، ملک دشمن عناصر پاکستان میں سیاسی عدم استحکام فرقہ واریت اور دہشت گردی کو بڑھاوا دیکر وطن عزیز کو غیر مستحکم کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں پاکستانی عوام کو ان کی تمام اندرونی بیرونی سازشوں کو ختم ہو کر ناکام بنانا ہوگا دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کی قربانیاں لازوال ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا قوم کے بیٹے وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں وطن پر قربان ہونے والے ان بہادر سپوتوں کو پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی وطن کیلئے دی گئی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی موجودہ بحرانوں کے پیش نظر حکومت، حزب اختلاف، عدلیہ، انتظامیہ اور اسٹیبلشمنٹ کو مظبوط کردار ادا کرنا ہوگا۔

صیہونی افواج کے مظالم پر عالمی ادارے تماشائی بنے ہوئے ہیں: حاجی نواز

دنیا کے کروڑوں انسان مذاہب سے بالاتر ہو کر اہل فلسطین کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، گفتگو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مدنی دعوت خوان پروگرام کے چیف آرگنائزر و سابق ایم پی اے حاجی محمد نواز نے کہا ہے کہ دنیا کے کروڑوں مہذب انسان مذاہب سے بالاتر ہو کر اہل فلسطین کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، عوامی دباؤ کے نتیجہ میں مغرب کی کئی حکومتوں کو اسرائیل کی اندھی حمایت کا بیانیہ ترک کرنا پڑا ہے استعماری طاقتوں نے پوری دنیا کے یہودیوں کو اکٹھا کر کے فلسطینیوں کی زمین پر قبضہ کروایا امریکہ کی مکمل آشیرباد سے گزشتہ 70 برسوں سے اہل فلسطین پر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے مگر فلسطینیوں نے عظیم استقامت دکھائی اور جدوجہد جاری رکھی، ظالم سے آزادی کے حصول کیلئے فلسطینیوں کو مزاحمت کا حق حاصل ہے ان شاء اللہ فلسطینیوں کی یہ جدوجہد ضرور رنگ لائے گی اور مسجد اقصیٰ سمیت تمام فلسطینی علاقہ یہودیوں کے قبضہ سے آزاد ہوں گے، صیہونی افواج کے مظالم پر عالمی ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، اسرائیل کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کی بھی کوئی پرواہ نہیں اگر امریکا اسرائیل کی حمایت میں اسے اسلحہ دے رہا ہے تو اسلامی ممالک کے حکمران کیوں خاموش ہیں یہ سلم ازلم اسرائیل کا سفارتی اور معاشی بائیکاٹ یقینی بنائیں حالات کا تقاضا ہے کہ مظلوم فلسطینی مسلمانوں کی امداد کیلئے مسلم حکمران بین الاقوامی فلسطین فنڈ قائم کریں، غزہ پر اسرائیل نے ہیروشیما اور ناگاساکی سے بھی زیادہ بارود گرایا مگر مسلمان حکمران امریکی خوف سے اہل فلسطین کی اخلاقی، سیاسی اور مالی مدد سے بھی کترا رہے ہیں، مسلم ممالک کے حکمران درست سمت اقدام اٹھائیں تو پوری امت مسلمہ ان کی پشت پر کھڑی ہوگی۔

صارفین کو بلاتعطل پٹرولیم مصنوعات فراہم کی جائیں: ڈی سی گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس ویژن اور "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے شہر اور ضلع بھر میں صفائی ستھرائی، سیوریج سسٹم، جاری ترقیاتی منصوبوں، مفت پبلک ٹرانسپورٹ اور پٹرولیم مصنوعات کی دستیابی و قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح جناح روڈ، سیٹل کل چوک اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی اور سیوریج نالیوں کی ڈیسلٹنگ کے عمل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر جی ڈبلیو ایم سی حکام اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی گئی کہ صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ "صاف ستھرا گوجرانوالہ" مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر نے گرجاکھ روڈ، گندا نالہ اور ملحقہ آبادیوں میں بھی صفائی اور ڈیسلٹنگ کے کاموں کا جائزہ لیا۔

پاکستان نے امریکہ و ایران کے درمیان کلیدی کردار ادا کیا، فیصل منظور

امن کا نوبل انعام شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو دیا جائے، مسلم لیگ ن ہالینڈ

سانگلہ ہل (نامہ نگار) مسلم لیگ ن اوورسیز ہالینڈ کا ایک اجلاس سرپرست اعلیٰ پیر سید طاہر اقرار شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین محمد جاوید اقبال کھوکھر سرپرست محمد خورشید مغل صدر فیصل منظور سینئر نائب صدر جاوید بٹ پیارے نائب صدر چوہدری محمد سمی محمد یونس بٹ جنرل سیکرٹری عبدالباسط خان سمیت بڑی تعداد میں مرکزی عہدے داران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر فیصل منظور نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان نے ایک بار پھر عالمی سطح پر اپنی موثر سفارتکاری کا لوہا منوایا ہے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بصیرت افروز قیادت میں پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا پاکستان کی بروقت اور حکمت عملی پر مبنی سفارتکاری کے نتیجے میں دو ہمتوں کی جنگ بندی ممکن ہوئی جس نے نہ صرف ممکنہ تباہ کن تصادم کو روکا بلکہ خطے میں امن اور استحکام کی نئی امید بھی پیدا کی چیئرمین محمد جاوید اقبال کھوکھر نے کہا کہ یہ کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار باوقار اور امن پسند ریاست ہے جو ہمیشہ انسانیت کے تحفظ عالمی استحکام اور برادر ممالک کے ساتھ یکجہتی کے لیے پیش پیش رہتا ہے تمام عہدیداران نے پاکستان کی قیادت کو اس تاریخی کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا۔

نارنگ منڈی، رانا عبدالوحید کی شادی تقریب میں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین و دیگر شریک ہیں

حکمران ملکی معیشت کو توانا کرنے کی فکر ہے تو اپنے اثاثے فوری پاکستان منتقل کریں

گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نارنگ کی عمارت خستہ حال، طالبات دوسرے سکول منتقل

دور دراز سکول ہونے کی وجہ سے طالبات اور والدین شدید پریشان، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول صدر بازار نارنگ کی عمارت خستہ حال قرار طالبات کو دوسرے سکول منتقل کر دیا گیا نارنگ منڈی اور گردونواح کی ہزاروں طالبات کو علم کی شمع سے روشن کرنے والی اس قدیمی سکول کی عمارت خستہ حالی کے باعث کسی بھی وقت گر سکتی ہے جس کے باعث طالبات کو حیدری چوک کے قریب واقع سرکاری سکول میں منتقل کر دیا گیا ہے دور دراز سکول ہونے کی وجہ سے طالبات اور والدین شدید پریشان ہیں شدید گرمی اور سخت حبس میں شہر اور گردونواح کے دیہات کی سینکڑوں طالبات کو لمبا سفر کرنا پڑتا ہے جس سے ان کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا انہوں نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور سی ای او ایجوکیشن شیخوپورہ سے نوٹس لیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سکول کی عمارت کو جلد از جلد از سر نو تعمیر کیا جائے اور جب تک عمارت مکمل نہیں ہو جاتی تب تک طالبات کو قریب ترین سرکاری سکول کی عمارت میں منتقل کیا جائے۔

حافظ آباد: وزیراعلیٰ پنجاب کی کوآرڈینیٹر، رکن قومی اسمبلی سائرہ افضل تارڑ ضلعی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں۔ صدر پریس ک

Sports کھیل

آسٹریلیا میں نفسیات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 2016 میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا، یشما گل

ایک عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہیں لیکن تحقیق کے بعد دوبارہ ایمان کی طرف لوٹ آئیں، معروف اداکارہ

کراچی (این این آئی) نامور پاکستانی اداکارہ یشما گل نے کہا ہے کہ میں ایک عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہی، تحقیق کے بعد ایمان کی طرف لوٹ آئی۔ اداکارہ یشما گل نے ایک پوڈ کاسٹ میں انکشاف کیا کہ انہوں نے ماضی میں (اکثر ڈاکٹر ذاکر نائیک سے تقدیر اور انسان کی مرضی و اختیار کے بارے میں سوال کیا تھا۔ یشما نے بتایا کہ وہ ایک عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہیں لیکن تحقیق کے بعد دوبارہ ایمان کی طرف لوٹ آئیں۔ یشما نے سوال کیا تھا، اگر تقدیر پہلے سے لکھی جا چکی ہے تو انسان کا اختیار کہاں سے آتا ہے؟ جس کا جواب (اکثر ذاکر نائیک نے یوں دیا تھا کہ اللہ جانتا ہے انسان کون سا راستہ اختیار کرے گا، لیکن انتخاب انسان خود کرتا ہے۔ تاہم اب تازہ پوڈ کاسٹ میں یشما نے اپنی ذاتی تشریح بیان کرتے ہوئے کہا، ہر دن انسان کے سامنے کئی دروازے کھلتے ہیں اور وہ اپنی مرضی سے کوئی ایک دروازہ کھولتا ہے۔ تاہم اس انتخاب کے نتائج پہلے سے لکھے ہوتے ہیں۔ ان کے مطابق اللہ سے تعلق جتنا مضبوط ہوگا۔

فلم انڈسٹری کے نامور مزاحیہ اداکار منور ظریف کی برسی 29 اپریل کو منائی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) فلم انڈسٹری کے نامور مزاحیہ اداکار منور ظریف کی برسی 29 اپریل کو منائی جائے گی۔ منور ظریف 2 فروری 1940 کو گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے وہ معروف کامیڈین ظریف کے بھائی تھے۔ انہوں نے اپنے فلمی کیریئر میں 300 سے زائد اردو اور پنجابی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ ان کی مشہور فلموں میں بازی، لنگ، جیرا بلیڈ، موج میلہ، شوقین میلہ دی، تھی کھٹے اڈھوں، دامن اور چنگاری، چکر باز، ہمراہی، بدتمیز، نوکر وہٹی دا وغیرہ شامل ہیں۔ انہوں نے معروف اداکار رنگیلا کے ساتھ جوڑی بنائی اور پرستاروں کے دلوں میں گھر کر لیا۔ رنگیلا اور منور ظریف کی جوڑی فلموں میں کامیابی کی ضمانت بن گئی انہیں کامیڈین ہیرو کا خطاب بھی ملا۔

فیروز خان کی اہلیہ کی زبان پھسلنے کی ویڈیو وائرل

جب اردو بول سکتی تھی تو انگریزی استعمال کرنے کی کیا ضرورت تھی، صارفین کی تنقید

کراچی (این این آئی) اداکار فیروز خان کی اہلیہ ڈاکٹر زینب فیروز کی پوڈ کاسٹ کے دوران زبان پھسلنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی، جس کے بعد سوشل میڈیا صارفین کے درمیان بحث کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ رپورٹس کے مطابق ڈاکٹر زینب حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں ان سے ان ہی کے بارے میں سوال کیا گیا۔ جواب دیتے ہوئے وہ کچھ لمحوں کیلئے ہچکچاہٹ کا شکار ہوئیں اور ان کا جملہ میرا born کراچی کا ہے سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل گیا۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد متعدد صارفین نے انہیں تنقید کا نشانہ بنایا ہے کہ جب اردو بول سکتی تھیں تو انگریزی استعمال کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ دوسری جانب کچھ صارفین نے ڈاکٹر زینب کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ محض زبان پھسلنے پر کسی کو تنقید کا نشانہ بنانا مناسب نہیں کیونکہ ایسی غلطی کسی سے بھی ہو سکتی ہے۔ وہ کچھ لمحوں کیلئے ہچکچاہٹ کا شکار ہوئیں اور ان کا جملہ میرا born کراچی کا ہے سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل گیا۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد متعدد صارفین نے انہیں تنقید کا نشانہ بنایا ہے کہ جب اردو بول سکتی تھیں تو انگریزی استعمال کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ دوسری جانب کچھ صارفین نے ڈاکٹر زینب کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ محض زبان پھسلنے پر کسی کو تنقید کا نشانہ بنانا مناسب نہیں کیونکہ ایسی غلطی کسی سے بھی ہو سکتی ہے۔

معروف یوٹیوبر اور دی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار

ایمان فاطمہ نے رجب بٹ کی بیٹے کے ساتھ وائرل ویڈیو کی حقیقت بے نقاب کر دی

کراچی (این این آئی) معروف یوٹیوبر اور دی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار ہو گئے، ان کی مبینہ طور پر بیٹے کیوان سلطان کے ساتھ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، تاہم ان کی اہلیہ ایمان فاطمہ نے اس ویڈیو کی حقیقت بیان کر دی۔ رجب بٹ اور ایمان فاطمہ کی شادی شاندار انداز میں ہوئی تھی، تاہم دونوں زیادہ عرصہ ساتھ نہ رہ سکے، شادی کے کچھ عرصے بعد رجب بٹ بیرون ملک چلے گئے جبکہ ایمان فاطمہ حمل کے باعث پاکستان میں ہی رہیں۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو سامنے آئی جس میں دعویٰ کیا گیا کہ رجب بٹ اپنے بیٹے کے ساتھ موجود ہیں، جس پر صارفین نے خوشی کا اظہار بھی کیا، تاہم ایمان فاطمہ نے انسٹاگرام پر وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ یہ ویڈیو جعلی ہے اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے بنائی گئی ہے، جبکہ ویڈیو میں موجود بچہ ان کا بیٹا نہیں ہے۔

ایک سین کی شوٹنگ کے دوران میری کمر اچھ ایم آئی لائٹ سے جل گئی تھی، شلپا شیٹی

میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی کہ میری وجہ سے پروڈکشن کو کسی قسم کا نقصان ہو، اسی لیے مشکل کے باوجود کام جاری رکھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شلپا شیٹی نے اپنے کیریئر کے ابتدائی دنوں کا ایک مشکل واقعہ یاد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ میں شوٹنگ کے دوران جلنے کے باوجود کام جاری رکھے ہوئے تھی۔ حال ہی میں ایک شو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ ایک سین کی شوٹنگ کے دوران میری کمر اچھ ایم آئی لائٹ سے جل گئی تھی، اس وقت مجھے فوری طور پر احساس نہیں ہوا، تاہم کچھ دیر بعد جلن شروع ہوئی تو چوٹ کا اندازہ ہوا۔ شلپا شیٹی نے کہا کہ سین کے مطابق مجھے فریم سے باہر نکلنا تھا اور پیچھے موجود لائٹ سے میری کمر ٹکرا کر جل گئی۔ انہوں نے بتایا کہ عام طور پر جلنے کی شدت کا احساس فوری نہیں ہوتا بلکہ بعد میں ہوتا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ چوٹ کے باوجود میں اگلے دن بھی شوٹنگ کے لیے پہنچ گئی، تاہم زخم کی وجہ سے لباس پہننے میں دشواری پیش آئی، میں نے لباس کو زپ کے بجائے سامنے سے بٹن کر دھاگوں سے سلوا لیا تاکہ تکلیف کم ہو۔ شلپا شیٹی کا کہنا ہے کہ میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی۔

معروف اداکار محمد علی کی 19 ویں برسی 19 مارچ کو منائی جائے گی

ملتان صادق آباد (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے معروف اداکار محمد علی کی 19 ویں برسی 19 مارچ کو منائی جائے گی۔ جنوبی پنجاب کے شہر ملتان کے سیوت پھیڈ اداکار محمد علی 19 اپریل 1931 کو بھارت کے شہر رام پور میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز ریڈیو پاکستان کراچی سے کیا محمد علی سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے قریبی ساتھیوں میں شمار ہوتے تھے انہوں نے سابق صدر جنرل ضیاء الحق کے دور حکومت میں جیل بھی کاٹی تھی اداکار محمد علی کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ لاہور میں منعقد ہونے والی اسلامی سربراہی کانفرنس کے دوران سعودی عرب کے بادشاہ شاہ فیصل مرحوم نے ان کے بنگلے پر قیام کیا ہے۔

آپ چلی گئیں دل ابھی بھرا نہیں، عمران عباس کا آشا بھوسلے کو خراجِ عقیدت

آج ایسا محسوس ہو رہا ہے جیسے سنہری دور کا خاتمہ ہو گیا ہو، یہ صرف ایک ملک کا نہیں موسیقی کا نقصان ہے، اداکار

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکار عمران عباس نے معروف بھارتی گلوکارہ آشا بھوسلے کی وفات پر انہیں خراج عقیدت پیش کر دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹیس بک پر عمران عباس نے ماضی کی یادوں کو تازہ کرتے ہوئے 92 برس کی عمر میں انتقال کرنے والی بھارتی گلوکارہ کے ساتھ تصویر شیئر کی۔ اداکار نے لکھا مجھے آج بھی یاد ہے جب آشا بھوسلے نے ممبئی پارسنگ پور سے ایک مشترکہ دوست کے ذریعے مجھے فون کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ایک سادہ سی گفتگو ایک ایسے رشتے میں بدل گئی جو محبت، قہقہوں اور ان کی ناقابل فراموش شوخیوں سے بھرپور تھی۔ 43 سالہ اداکار نے لتا منگیشکر کی چھوٹی بہن کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شکریہ آشا جی! آپ نے اپنے سروں سے میرے بچپن سے لے کر آج تک میری زندگی کو خوبصورت بنایا۔ عمران عباس نے کہا کہ راوحا کیسے نہ پہلے گانے کو آواز دینے والی گلوکارہ محض ایک فنکار نہیں تھیں بلکہ موسیقی کی ایک مکمل دنیا تھیں۔

کلاسیکل موسیقار استاد بڑے غلام علی خان کی برسی 23 اپریل کو منائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) برصغیر پاک و ہند کے عظیم کلاسیکل موسیقار استاد بڑے غلام علی خان کی برسی 23 اپریل کو منائی جائے گی۔ وہ ممتاز پٹیالہ گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ استاد بڑے غلام علی خان 4 اپریل 1902 کو قصور میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کے دادا استاد اللہ دتہ خان صاحب اور والد استاد علی خان صاحب راجہ رنجیت سنگھ کے دربار سے وابستہ اور اس کے رتنوں میں شامل تھے۔ ان کے والد علی بخش خان اور چچا کالے خان پٹیالہ گھرانے کے مشہور موسیقار کرنیل فتح علی خان کے شاگرد تھے۔ استاد بڑے غلام علی خان نے موسیقی کی تعلیم اپنے والد استاد علی بخش خان اور چچا استاد کالے خان سے حاصل کی اور پھر استاد عاشق علی خان پٹیالہ والے کے شاگرد ہو گئے۔ ان کے فن کی شہرت جلد ہی ہندوستان بھر میں پھیل گئی جس کے بعد انہیں موسیقی کی محافل میں مدعو کیا جانے لگا۔

والد نے میری شادی سے قبل اس کی ناکامی کی پیشگوئی کر دی تھی، نادیہ افغان

شادی کے 6 ماہ بعد ہی مجھے محسوس ہو گیا تھا کہ میرے والد درست تھے، ایک سال رشتہ مشکل سے نبھایا، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نادیہ افغان نے انکشاف کیا ہے کہ میرے والد نے میری پہلی شادی سے قبل ہی اس کے ناکام ہونے کی پیش گوئی کر دی تھی۔ نادیہ افغان حال ہی میں ایک یوٹیوب شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی سے متعلق کھل کر گفتگو کی۔ اداکارہ کے مطابق میرے والد نہایت دور اندیش تھے اور شادی کے وقت انہوں نے مجھے فیصلے پر نظر ثانی کا مشورہ دیا تھا۔ نادیہ افغان کا کہنا ہے کہ میرے والد نے مجھ سے کہا تھا کہ اگر تم چاہو تو اس مرحلے سے پیچھے ہٹ سکتی ہو، میں مہمانوں کو اچھے انداز میں رخصت کر دوں گا لیکن تم خود کو اس رشتے میں نہ ڈالو کیونکہ تم دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہو۔ اداکارہ نے بتایا کہ شادی کے 6 ماہ بعد ہی مجھے محسوس ہو گیا تھا کہ میرے والد درست تھے، تاہم میں نے 1 سال تک رشتہ نبھانے کی کوشش کی مگر حالات مزید خراب ہوتے گئے، اس دوران کئی افراد نے معاملہ سلجھانے کی کوشش کی جس میں ثمینہ احمد اور سرمد کھوسٹ بھی شامل تھے۔

ٹیلیویژن، سٹیج اور فلم کے مزاحیہ اداکار اور میزبان معین اختر کی برسی 22 اپریل کو منائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلیویژن، سٹیج اور فلم کے مزاحیہ اداکار اور میزبان معین اختر کی برسی 22 اپریل کو منائی جائے گی۔ وہ بطور فلم ہدایت کار، پروڈیوسر، گلوکار اور مصنف کام کر چکے ہیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی سے تعلق رکھنے والے معین اختر نے پاکستان ٹیلیویژن پر اپنے کام کا آغاز 6 ستمبر 1966 کو پاکستان کے پہلے یوم دفاع کی تقریب کے لیے کیے گئے پروگرام سے کیا۔ معین اختر نے کئی زبانوں میں مزاحیہ اداکاری کی ہے جن میں انگریزی، سندھی، پنجابی، میمن، پشتو، گجراتی اور بنگالی کے علاوہ کئی دیگر زبانیں شامل ہیں اور اردو میں انکا کام انکو بچے بڑے، ہر عمر کے افراد میں یکساں مقبول بناتا ہے۔ وہ اداکار لبرتی سے متاثر تھے۔

معروف یوٹیوبر اور دی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار

ایمان فاطمہ نے رجب بٹ کی بیٹے کے ساتھ وائرل ویڈیو کی حقیقت بے نقاب کر دی

کراچی (این این آئی) معروف یوٹیوبر اور دی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار ہو گئے، ان کی مبینہ طور پر بیٹے کیوان سلطان کے ساتھ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، تاہم ان کی اہلیہ ایمان فاطمہ نے اس ویڈیو کی حقیقت بیان کر دی۔ رجب بٹ اور ایمان فاطمہ کی شادی شاندار انداز میں ہوئی تھی، تاہم دونوں زیادہ عرصہ ساتھ نہ رہ سکے، شادی کے کچھ عرصے بعد رجب بٹ بیرون ملک چلے گئے جبکہ ایمان فاطمہ حمل کے باعث پاکستان میں ہی رہیں۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو سامنے آئی جس میں دعویٰ کیا گیا کہ رجب بٹ اپنے بیٹے کے ساتھ موجود ہیں، جس پر صارفین نے خوشی کا اظہار بھی کیا، تاہم ایمان فاطمہ نے انسٹاگرام پر وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ یہ ویڈیو جعلی ہے اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے بنائی گئی ہے، جبکہ ویڈیو میں موجود بچہ ان کا بیٹا نہیں ہے۔

Showbiz شوبز

زمبابوے کیخلاف ہوم سیریز پاکستان ویمن ٹیم کیلئے بڑی اہم ہے، وہاب ریاض

کھلاڑیوں کو لیگ کیلئے باہر جانے کا بھی موقع ملنا چاہیے، اس سے ویمن کرکٹرز کو سیکھنے کا موقع ملے گا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے سابقہ وہاب ریاض نے کہا ہے کہ زمبابوے کے خلاف ہوم سیریز پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے لیے بڑی اہم ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ویمن ٹی 20 لیگ شروع کرنے کی بہت ضرورت ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ کھلاڑیوں کو لیگ کے لیے باہر جانے کا بھی موقع ملنا چاہیے، اس سے ویمن کرکٹرز کو سیکھنے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ زمبابوے ویمن کرکٹ ٹیم کے خلاف سیریز بڑی اہمیت کی حامل ہے، آئی سی سی چیمپئنز شپ کا حصہ ہونے کی وجہ سے ون ڈے سیریز سے رینکنگ پوائنٹس ملیں گے جبکہ ٹی 20 سیریز سے ٹی 20 ورلڈ کپ کی تیاری کا موقع ملے گا۔ وہاب ریاض نے کہا کہ انگلینڈ میں ہونے والے ٹی 20 ورلڈ کپ کے سخت گروپ کا نہیں سوچنا چاہیے، بس اپنے اوپر یقین ہونا چاہیے، ٹی 20 بے اعتبار میچ ہے کہ اس میں کوئی بھی ٹیم کسی کو بھی ہرا سکتی ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ ویمن کرکٹرز کی فٹنس اور فیلڈنگ ہمارے لیے فکر مندی والے شعبے ہیں، اسی وجہ سے سب سے زیادہ ان پر فوکس کیا ہے، پہلے کراچی اور پھر لاہور میں کیمپس لگائے اور ان پر کام کیا ہے، کھلاڑیوں کی کارکردگی میں جو بہتری نظر آئی ہے اس کی وجہ فٹنس کا بہتر ہونا ہے، اس کے علاوہ کھلاڑیوں کو ذہنی طور پر مضبوط کر رہے ہیں، بھیل کے بارے میں آگاہی کی بھی کی ہے، اس پر بھی مسلسل کام کیا جا رہا ہے۔ وہاب ریاض نے کہا کہ ویمن کرکٹرز کو مین کرکٹرز کے مقابلے میں کم میچز ملتے ہیں، ایکسپوژر کی کمی ہے

شاداب خان کو گلوبل سپر لیگ 2026 کیلئے پہلی بار منتخب کر لیا گیا

نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل، ویسٹ انڈیز کے کائل میئرز اور امریکا کے اینڈریز گوس جیسے نمایاں کھلاڑی بھی شامل ہیں

لاہور (نامہ نگار) پاکستان کے اسٹار آل راؤنڈر شاداب خان کو گلوبل سپر لیگ 2026 کے لیے فرنچائز ڈیزرٹ وائپرز نے اپنی ٹیم میں شامل کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گلوبل سپر لیگ کا انعقاد 23 جولائی سے یکم اگست تک گیانا کے پروویڈنس اسٹیڈیم میں ہوگا جہاں دنیا بھر کے کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ ڈیزرٹ وائپرز کے اسکواڈ میں شاداب خان کے علاوہ نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل، ویسٹ انڈیز کے کائل میئرز اور امریکا کے اینڈریز گوس جیسے نمایاں کھلاڑی بھی شامل ہیں جبکہ ٹیم کی قیادت کرس گرین کریں گے۔ یہ شاداب خان کی گلوبل سپر لیگ میں پہلی شرکت ہوگی، تاہم وہ دنیا بھر کی مختلف ٹی ٹوئنٹی لیگز میں کھیلنے کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں جس سے ٹیم کو خاصی مضبوطی ملنے کی توقع ہے۔

پی ایس ایل کھیلنے والے دو بنگلادیشی کرکٹرز کے این او سی میں توسیع

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش کرکٹ بورڈ نے پی ایس ایل کھیلنے والے دو کرکٹرز کے این او سی میں توسیع کر دی، تاہید رانا اور شرف الاسلام کے این او سی میں ایک روز کی توسیع کی گئی ہے۔ پی سی بی کے مطابق پی ایس ایل فرنچائز پشاور زلمی اور پی سی بی نے کھلاڑیوں کے این او سی میں توسیع کی درخواست کی تھی، دونوں فاسٹ بولرز کو 12 اپریل تک این او سی جاری کیا گیا تھا۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے مطابق اب دونوں کھلاڑیوں کو پشاور زلمی کے 13 اپریل کے میچ تک پاکستان میں رہنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔

آصف محمود کا دوبارہ پاکستان کیلئے کھیلنے سے متعلق ذومعنی جواب

کیا شائقین انہیں دوبارہ قومی ٹیم میں دیکھ سکتے ہیں، سوال، جواب نہیں کہہ کر بات ٹال دی

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن میں حیدرآباد کنگز مین کے فاسٹ بولر آصف محمود نے قومی ٹیم میں واپسی سے متعلق سوال پر ذومعنی انداز میں جواب دیا۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے خلاف شاندار کارکردگی دکھانے والے آصف محمود سے میچ سائیڈ پوسٹ میچ شو کے دوران شاہ میر نے پاکستان انڈر 19 کے تجربے کی یاد دہانی کراتے ہوئے پوچھا کہ کیا شائقین انہیں دوبارہ قومی ٹیم میں دیکھ سکتے ہیں۔ قومی ٹیم میں واپسی سے متعلق سوال پر آصف محمود نے مسکراتے ہوئے کوئی جواب نہیں کہہ کر بات ٹال دی۔ سابق کپتان شاہ میر اور میزبان زینب عباس نے بھی اس ردعمل کو دانشمندانہ قرار دیا اور کہا کہ ایسے مواقع پر خاموشی بھی بہت کچھ بیان کر دیتی ہے۔ شاہ میر نے کہا کہ مصباح خان نے جب پیشکش کی تھی تو ہم نے ان سے بھی یہ سوال کیا تھا اور ان کا جواب بھی بالکل ایسا ہی تھا۔

موریطانیہ نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد پاکستان کو 1-0 سے ہرا دیا

پاکستانی ٹیم نے خاص طور پر کھیل کے آخری لمحات میں گول برابر کرنے کی بھرپور کوشش

آئیوری کوسٹ (این این آئی) الفا ایرینا سٹیڈیم میں موریطانیہ نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد پاکستان کو 1-0 سے شکست دے دی۔ اس میچ میں پاکستانی کھلاڑیوں نے میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، انہوں نے خاص طور پر کھیل کے آخری لمحات میں گول برابر کرنے کی بھرپور کوشش لیکن بدقسمتی سے گول نہ کر سکی۔ آئیوری کوسٹ میں جاری فیفا سیریز کے دوسرے میچ میں موریطانیہ کی جانب سے واحد اور فیصلہ کن گول پہلے ہاف کے 20 ویں منٹ میں گنگولی نے کیا۔ 16 اپریل تک جاری رہنے والی سیریز میں پاکستانی ٹیم اپنا آخری گروپ میچ 16 اپریل کو میزبان آئیوری کوسٹ کے خلاف کھیلے گی۔ پہلے میچ میں پاکستانی ٹیم نے ترک اینڈ کیکوس آئی لینڈز کے خلاف 8-0 کی بڑی کامیابی حاصل کی تھی۔

چیئرمین پی سی بی میچ دیکھنے نیشنل اسٹیڈیم کراچی پہنچ گئے

پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی اور ملتان سلطانز کے درمیان ہونے والا میچ بھی دیکھا

لاہور (نامہ نگار) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی اور ملتان سلطانز کے درمیان ہونے والا میچ بھی دیکھا۔ اس موقع پر پی ایس ایل کے سی ای او سلمان نصیر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین پی سی بی کو نیشنل اسٹیڈیم میں آمد ہونے والے تعمیراتی کام کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے اسٹیڈیم میں سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے میچز کے لیے کراچی وسندھ پولیس، پاکستان رینجرز کے فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو سراہا۔ آئی جی سندھ پولیس جاوید عالم اعوان، ڈی آئی جی ایس ایس پی مقصود میمن، چیف انجینئر کیکو آفیسر پی ایس ایل سلمان نصیر اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

فیفا' ایران کے میچز امریکا سے منتقل کرنیکی درخواست مسترد

میچز منصوبہ بندی کے مطابق امریکا میں کھیلے جائیں گے، میکسیکن صدر کا فیفا کے موقف کا اعادہ

میکسیکو (این این آئی) عالمی فٹبال تنظیم فیفا نے ایران کی جانب سے 2026 فیفا ورلڈ کپ کے میچز امریکا سے کسی اور ملک منتقل کرنے کی درخواست مسترد کر دی جس کے بعد ایران کی شرکت ایک بار پھر سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق میکسیکو کی صدر کلاڈیا شین بام نے تصدیق کی کہ فیفا نے لاجسٹک رکاوٹوں کا حوالہ دیتے ہوئے اپنے ورلڈ کپ میچوں کو امریکا سے میکسیکو منتقل کرنے کی ایران کی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے امریکا اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ اور سیکیورٹی خدشات کے باعث مطالبہ کیا تھا کہ اس کے گروپ میچز امریکا کے بجائے میکسیکو منتقل کیے جائیں، تاہم فیفا نے واضح کیا ہے کہ ٹورنامنٹ شیڈول میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی اور میچز پہلے سے طے شدہ مقامات پر ہی ہوں گے۔ میکسیکن صدر شین بام نے گزشتہ روز فیفا کے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ میچز منصوبہ بندی کے مطابق امریکا میں کھیلے جائیں گے۔ رپورٹس کے مطابق ایران نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ امریکا میں کھیلنا موجودہ جنگی صورتحال کے پیش نظر محفوظ نہیں جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی ایرانی ٹیم کی سیکیورٹی پر خدشات کا اظہار کر چکے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ایران نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ امریکا میں کھیلنا موجودہ جنگی صورتحال کے پیش نظر محفوظ نہیں جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی ایرانی ٹیم کی سیکیورٹی پر خدشات کا اظہار کر چکے ہیں۔ شین بام کے مطابق فیفا نے لاجسٹک، کمرشل معاہدوں، کھلاڑی اور براڈکاسٹ شیڈول کو مدنظر رکھتے ہوئے ایران کے میچز کی منتقلی کی درخواست کو مسترد کر دیا۔ واضح رہے کہ 2026 فیفا ورلڈ کپ امریکا، کینیڈا اور میکسیکو میں مشترکہ طور پر کھیلا جائے گا جبکہ ایران کو اپنے گروپ میچز امریکا میں کھیلنے ہیں۔ ایرانی حکام نے متنبہ کیا تھا کہ اگر سیکیورٹی خدشات دور نہ کیے گئے تو ٹیم کی شرکت پر نظر ثانی کی جا سکتی ہے۔

پی ایس ایل، انگلینڈ کے جارح مزاج بلے باز پاکستان پہنچ گئے

وہ اس سے قبل کراچی کنگز، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور ملتان سلطانز کی نمائندگی کر چکے ہیں

کراچی (این این آئی) ہیلدی انگلینڈ کے جارح مزاج بلے باز جیمز وِنس بھی پاکستان پہنچ کر پشاور زلمی کی نمائندگی کریں گے۔ وہ اس سے قبل کراچی کنگز، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور ملتان سلطانز کی نمائندگی بھی کر چکے ہیں۔ جیمز وِنس نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر جہاز کے اندر کی ایک تصویر شیئر کی ہے جس کے کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ پی ایس ایل کا وقت ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہیلدی انگلینڈ کے جارح مزاج بلے باز جیمز وِنس بھی پاکستان پہنچ کر پشاور زلمی کی نمائندگی کریں گے۔ وہ اس سے قبل کراچی کنگز، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور ملتان سلطانز کی نمائندگی بھی کر چکے ہیں۔ جیمز وِنس نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر جہاز کے اندر کی ایک تصویر شیئر کی ہے جس کے کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ پی ایس ایل کا وقت ہو گیا ہے۔

پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل ☆☆☆ رہی ہے، آسٹریلوی کرکٹر جاش فلپی ☆☆☆

ملتان سلطانز کے آسٹریلوی کرکٹر جاش فلپی نے پاکستان سپر لیگ کو بہترین لیگ قرار دیدیا

گرائیچ (این این آئی) ملتان سلطانز کے آسٹریلوی کرکٹر جاش فلپی نے پاکستان سپر لیگ کو بہترین لیگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ جب سے پاکستان سپر لیگ کھیلنے کی خواہش رہی ہے اس بار آسٹریلوی کرکٹرز کی بڑی تعداد پی ایس ایل میں ایکشن میں ہے پاکستان کی کنڈیشنز میں کھیلنے کا تجربہ بالکل مختلف ہوگا۔ جاش فلپی نے کہا کہ باہر اسلام سے بگ بیش لیگ میں ملاقات ہو چکی ہے وہ بہترین کھلاڑی ہیں ان سے لیگ کے بارے میں گفتگو ہوئی، آن اینڈ آف تمام کھلاڑیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رہے ہیں۔ آن اینڈ آف تمام کھلاڑیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے کھلاڑی کارکردگی دکھانے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ جاش فلپی نے کہا کہ ابھی تک پی ایس ایل کی دیگر ٹیموں کے خلاف کھیلنے کا موقع نہیں ملا۔

پاکستان کی بوائز اور گرلز 12 اور انڈر ٹینس ٹیمیں کھٹمنڈو پہنچ گئیں

کھٹمنڈو (این این آئی) پاکستان کی بوائز اور گرلز 12 اور انڈر ٹینس ٹیمیں 11 سے 18 اپریل تک ہونے والے انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن ایشیا 12 اور انڈر ٹیم مقابلے (جنوبی ایشیا) میں شرکت کے لیے کھٹمنڈو پہنچ گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایونٹ میں جنوبی ایشیائی ممالک ٹیمیں شرکت کریں گی جو نوجوان ٹینسٹ کو علاقائی سطح پر مقابلہ کرنے اور بین الاقوامی سطح پر نمائش کے لیے ایک قابل قدر پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ پاکستان بوائز ٹیم میں محمد میاں، محمد فیضان، محمد ابراہیم حسین گل اور ہیرا عاتق (کپتان) شامل ہیں۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر، سیکرٹری جنرل پی ٹی ایف اور پی ٹی ایف کی پوری انتظامیہ نے ٹیموں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اور ان کی بہترین کارکردگی اور فخر کے ساتھ پاکستان کی نمائندگی کرنے کی صلاحیت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

پاکستان پولیس سپورٹس کی خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم نے کانسی کا تمغہ اپنے نام کر لیا

لاہور (این این آئی) پشاور میں منعقدہ 61 ویں بیجل ٹیبل ٹینس شپ 2026 میں پاکستان پولیس سپورٹس کی خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ اپنے نام کر لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ اس قومی ایونٹ میں آرمی، واپڈا، ایف آئی اے اور پاکستان ریلوے سمیت ملک بھر کی مختلف ٹیموں نے شرکت کی، جہاں پاکستان پولیس کی خواتین کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے پاکستان پولیس خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم کو میڈل جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پاک

بقیہ 1

عزم دہرایا اور کہا کہ بھارتی فوج تمام تر وسائل کے باوجود پاکستان کو شکست نہیں دے سکتی۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان کی جانب سے کشمیریوں کو غیر متزلزل حمایت کا یقین دلایا اور واضح کیا کہ کشمیر پر پاکستان کا موقف بالکل واضح ہے، یہ ہماری شہہ رگ تھی، ہماری شہہ رگ ہے۔اپنے تاریخی خطاب میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر کی عوام غاصب بھارتی فوج کے خلاف لڑ رہے ہیں اور وہ اپنی جدوجہد میں اکیلے نہیں، پاک فوج اور سکیورٹی ادارے بھارتی پراکسی دہشت گردوں کے ناسور کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ماہرین کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے یہ تاریخی الفاظ ایک مکمل دفاعی ڈاکٹرائن ہے جو دشمن کو پسپائی اور قوم کو تحفظ کا احساس دلاتا ہے، سپہ سالار نے بھارتی فوج کی عددی برتری کو بے اثر قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ پاکستان کا دفاع مکمل طور پر ناقابلِ تسخیر ہے۔

بقیہ 2

دہ ہے اختیارات کی نچلی سطح پر تقسیم سے وفاق پاکستان مضبوط ہو گا۔مقامی حکومتوں کے با اختیار خود مختار موثر نظام کے قیام کے لئے ابھی سے عوامی سطح پر بحث مباحثہ ضروری ہے بند کمروں میں فیصلے نہیں ہونے چاہئیں جبر سے قومیں نہیں چل سکتیں ائین کے مطابق کسی صوبائی اسمبلی کی دوتہائی اکثریت کی منظوری کے بغیر صوبے کو تقسیم نہیں کیا جا سکتا، سندھ ✻ بلوچستان سمیت کسی صوبے کو جبر سے تقسیم کیا گیا تو بڑا خون خرابہ ہوگا جس پر وردی والوں سمیت کوئی قابو نہیں پا سکے گا 76 سال پہلے سندھ میں انے والوں اور اڑھائی تین سو سال پہلے انے والوں کے برابر کے حقوق ہیں دونوں کو باہمی احترام کے ساتھ ایک دوسرے کے حقوق کو تسلیم کرنا ہوگا۔وہ حیدرابا د پریس کلب میں مقامی حکومتوں کے نظام کے تحفظ اور مضبوطی کے لئے ائینی ترمیم کی ضرورت اور شہریوں کو با اختیار بنانے،، کے موضوع پر ایک سیمینار سے خطاب کر رہے تھے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے صدر سید زین شاہ جئے سندھ محاذ کے چیئرمین ریاض چانڈیو، سابق صوبائی وزیر عارف مصطفے جتوئی ،رکن سندھ اسمبلی بیرسٹر حسنین مرزا نے بھی خطاب کیا۔سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ وفاق، صوبوں اور مقامی حکومتوں پر مشتمل نظام کے بارے میں اختیارات کا ائین میں واضح تعین کیا گیا ہے مقامی حکومتوں کے نظام کو ازاد خود مختار اور مستحکم بنانے کے لئے ائینی تحفظ دینے کی تجویز کا مطلب ہرگز صوبوں کو بے اختیار کرنا نہیں ہے انہوں نے کہا پہلے امریت کے ادوار میں تین بلدیاتی نظام متراف تھے ان کی خوبیاں خامیاں سب کے علم میں ہیں، مستحکم بلدیاتی نظام کے بارے میں اس وقت بحث کو بے موقع قرار نہیں دیا جا سکتا عوامی بحث مباحثے اور قومی اسمبلی میں سب سیاسی جماعتوں کے زیر غور انے کے بعد ائینی ترمیم کے دریعے بلدیاتی نظام کو جب تحفظ ملے گا تو اس میں شفافیت بھی ہوگی سب کو اعتماد بھی ہوگا انہوں نے کہا کس علاقے میں کتنے اسکولوں ہسپتالوں کی ضرورت ہے بنیادی شہری سہولتوں کا کیا حال ہے اس کے لئے کہاں ترقی کام ہونے چاہئیں یہ یوسی کے منتخب نمائندے بہتر طور پر جان سکتے ہیں اور ضلع کی سطح پر اس سلسلے میں بہتر فیصلے ہو سکتے ہیں اور بنیادی سہولتوں کے ترقیاتی منصوبوں کی مانیٹرنگ بھی بہتر طور پر ہو سکے گی اسد عمر نے کہا ائین پاکستان میں واضع ہے کہ سندھ یا کسی بھی صوبے کی حدود میں ردو بدل اس صوبے کی اسمبلی کی دوتہائی اکثریت کی منظوری کے بغیر نہیں کیا جا سکتا پھر سندھ کیسے تقسیم ہو سکتا سندھ میں کسی بھی نام سے اور صوبے کا قیام محض ایک گروہ کا سیاسی نعرہ ہے ،نعرہ لگانے والے بھی جانتے کہ اس پر عمل ممکن نہیں ،انہوں نے کہا کہ سندھ میں 76 سال پہلے انے والے اردو اور گجراتی بولنے والے اور اڑھائی تین سو سال پہلے اکر بسنے والوں میں کوئی فرق سب کے حقوق برابر ہیں بعد میں انے والوں کو چاہئے کہ تہذیب و ثقافت کا احترام کریں ان کے حقوق تسلیم کریں اور باہم عزت واحترام سے مل کر اگے بڑھیں ،انہوں نے کہا ہر سیاسی جماعت کے منشور میں مستحکم بلدیاتی نظام قائم کرنے کا نقطہ شامل ہوتا ہے لیکن کوئی سیاسی حکومت ازاد خود مختار بلدیاتی نظام قائم نہیں کرتی اس وقت بھی جہاں بلدیاتی ادارے ہیں وہ بے اختیار ہیں پنجاب میں کمپنیاں بنا کر بلدیاتی نظام کے اختیارات سلب کر لئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ لاہور پنجاب کا 7 فیصد ہے لیکن پانچ سال میں وہاں پنجاب کے بجٹ کا 51 فیصد حصہ خرچ کیا گیا اور جنوبی اضلاع اور دیگر علاقوں کو نظر انداز کیا گیا جہاں بنیادی سہولتوں تک کا شدید فقدان انہوں نے کہا کہ اس وقت تو فارم 47 کی حکومتیں قائم ہیں پارلیمنٹ بے توقیر ہے ضیا الحق کی مجلس شوری سے بھی بے اختیار ہے انہوں نے کہا ملک میں جمہوریت پٹڑی سے بلکل اتر چکی ہے جسے پٹڑی پر عوام اور سب جماعتیں مل کر ہی چڑھا سکتی ہیں نواز شریف اور بے نظیر بھٹو نے میثاق جمہوریت کیا تھا جس سے جمہوری معاملات اگے بڑھے تھے لیکن اب سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کا گلہ پکڑے ہوئے ہیں ایسے میں نظام میں بہتری کیسے ائے گی ، انہوں نے کہا تین امرانہ حکومتوں میں رائج کردہ بلدیاتی ادارے زیادہ اختیارات رکھتے تھے حالانکہ با اختیار مستحکم مقامی حکومتیں قائم کرنا سیاسی جماعتوں کا کام ہے انہوں نے تجویز کیا کہ اسمبلیاں توڑنے کا اختیار وزیر اعظم اور وزرا اعلی کے نہیں قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے پاس ہونا چاہئے اسی طرح مقامی حکومتوں کے لئے فنڈز کا تناسب طے ہونا چاہئے ہم نے اپنے دور میں اسلام اباد کے لئے طے کیا تھا کہ 40 فیصد فنڈز یوسیز کو دیئے جائیں گے اور 60 فیصد میئر کے اختیار میں ہوں گے،، سندھ یونائیٹد پارٹی کے صدر سید زین شاہ نے بلدیاتی نظام کو ائینی ترمیم کے ذریعے تحفظ دینے اور مستحکم کرنے کی اسد عمر کی تجویز کو بے وقت کی راگنی قرار دے کر مسترد کر دیا اور کہا کہ وقت تو وحدتوں اور ان کے وسائل پر وفاق اور پنجاب کا قبضہ ہے 18 ترمیم کے اختیارات کو بھی غیر موثر بنا دیا گیا گیا ہے صوبوں کو مالی انتظامی اختیارات سے محروم کر دیا گیا بلدیاتی نظام کو تمام اختیارات منتقل کرنے سے صوبوں کے پاس کیا بچے گا اس سے تو سندھ کی تقسیم کا ہی راہ ہی ہموار ہوگی ہم ایسے کسی دھرے بلدیاتی نظام کو عوام میں چیلنج کریں گے ،تاہم بلدیات کے فنڈز میں ا،ضافہ ہونا چاہئے

بقیہ 3

خارجہ عباس عراقچی کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ مشرق وسطی میں جنگ صیہونیت کا شیطانی ایجنڈا ہے، امریکہ صیہونی شکنجے میں الجھ کر اپنا عالمی کردار ضائع کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عام آدمی سے جینے کا حق چھین لے گا، پیٹرولیم مصنوعات پر مجموعی لیوی 108 روپے کرنا حکومت کی بھتہ خوری ہے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ گندم کے کاشتکاروں کو پنجاب سندھ میں 3500 روپے من قیمت نہیں مل رہی، حکومت نے زراعت اور کسانوں کو برباد کر کے رکھ دیا ہے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم آئین، جمہوریت اور عدلیہ کے لیے موت کا پروانہ ہے۔

بقیہ 4

طاس معاہدے پر فوری عملدرآمد کے مطالبے کو علاقائی امن کے لیے اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے آبی معاہدے کی مبینہ معطلی پر پاکستان کا سخت سفارتی مؤقف عالمی سطح پر توجہ حاصل کر رہا ہے۔اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ پاکستان نے واضح کیا ہے کہ بین الاقوامی معاہدوں کا احترام خطے کے استحکام اور پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے اور آبی وسائل پر یکطرفہ اقدامات قبول نہیں کیے جا سکتے۔انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے سے متعلق پاکستان کا مؤقف قانونی و اخلاقی طور پر مضبوط ہے جبکہ کورٹ آف اربریٹریشن کا فیصلہ بھی موجود ہے کہ بھارت معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کر سکتا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پہلے بھی واضح کر چکا ہے کہ تمام تنازعات کا حل صرف بامعنی سفارتی مذاکرات کے ذریعے ممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ خطے میں آبی تنازعات کے بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر عالمی اداروں کے کردار کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے تاکہ ممکنہ کشیدگی کو روکا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان امن کا داعی ہے اور عالمی تنازعات میں مسلسل ثالثی کا کردار ادا کرتا آیا ہے جبکہ امریکا ایران کشیدگی میں بھی اس کی سفارتی کوششوں کو سراہا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص کے بعد بھارت کو مبینہ طور پر سفارتی سطح پر ناکامی اور تنہائی کا سامنا ہے جسے مختلف سیاسی و سفارتی حلقوں میں زیر بحث لایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مودی سرکار اپنی ناکامیوں اور عوامی دباؤ سے توجہ ہٹانے کے لیے غیر ذمہ دارانہ اور اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے۔

بقیہ 5

نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، جہاں سڑکوں کی تعمیر، سولرائزیشن منصوبے اور دانش اسکولز جیسے اقدامات جاری ہیں، جو علاقے کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں۔یونیورسٹی آف بلتستان سکردو میں وزیر اعظم لیپ ٹاپ اسکیم کی تقریب سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پاکستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، اور وزیر اعظم لیپ ٹاپ اسکیم اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جو طلبہ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں مدد دے رہی ہے۔وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلتستان کا قیام سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے، جس نے علاقے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کو مقامی سطح پر مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے یونیورسٹی کی انتظامیہ اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ قلیل عرصے میں اس ادارے نے نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔انجینئر امیر مقام نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا وژن نوجوانوں کو تعلیم، مہارت اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں۔انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ لیپ ٹاپ کو محض ایک آلہ نہیں بلکہ اپنی کامیابی کی کنجی کے طور پر استعمال کریں۔خطاب کے دوران انہوں نے وزیر اعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ قومی قیادت نے عالمی سطح پر امن کے قیام کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر مشرقِ سفارتی کوششیں کیں۔آج پھر اسی سبز پاسپورٹ کی عزت ہو رہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ معرکہ حق میں کامیابی نے دنیا کو پاکستان کی صلاحیتوں، عزم اور خودمختاری کا واضح پیغام دیا ہے۔انہوں نے رانا مشہود احمد خان کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ان کی قیادت میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام نوجوانوں کے لیے امید کی ایک کرن بن چکا ہے۔قبل ازیں یونیورسٹی پہنچنے پر وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔وائس چانسلر نے وفاقی وزیر کو ادارے کی تعلیمی کارکردگی سے آگاہ کیا۔وفاقی وزیر نے یونیورسٹی کے لان میں پودا بھی لگایا۔اس موقع پر وائس چانسلر، فیکلٹی، طلبہ و طالبات اور معزز مہمانانِ گرامی کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 6

وزیر خارجہ عباس عراقچی کی آمد پر خوشی ہوئی۔نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام میں کہا کہ میں اپنے بھائی عباس عراقچی کو خوش آمدید کہتا ہوں، علاقائی امن، استحکام کو فروغ دینے کیلئے پر امید ہیں۔اسحاق ڈار نے کہا کہ استقبال کے موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔واضح رہے کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کیلئے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کی قیادت میں ایرانی وفد گزشتہ رات گئے اسلام آباد پہنچ گیا۔دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایرانی وفد کا استقبال کیا تھا، پاکستان میں ایرانی سفیر رضا امیری مقدم اور وزیر داخلہ پاکستان محسن نقوی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 7

برائے امن کے عالمی دن کے موقع پر حکومت پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصولوں کے مطابق مذاکرات، تعاون اور تنازعات کے پرامن حل کیلئے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب عالمی برادری کو پیچیدہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے، پاکستان علاقائی اور بین الاقوامی امن وسلامتی کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کے راستے کو فروغ دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ خطے میں پاکستان کی ثالثی کی جاری کوششیں انہی اصولوں پر کاربند ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے ساتھ اپنی کی مستقل وابستگی، امن کی خواہش اور بین الاقوامی تعاون کی رہنمائی میں اختلافات کو ختم کرنے اور علاقائی و بین الاقوامی امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 8

پر دستخط کیے گئے تھے جس کے بعد ضلعی عدلیہ کے نمایاں ججز کو عالمی تربیت کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔بلوچستان سے ایک خاتون ایڈیشنل سیشن جج اور مٹھی کے سینئر سول جج جلد چین روانہ ہوں گے جبکہ بنوں اور ڈی جی خان کے ججز مئی 2026 میں شنگھائی میں قانونی تربیتی کورس کریں گے، اسی سلسلے میں پاکستانی آئی ٹی ماہرین کا وفد جولائی 2026 میں بیجنگ کا دورہ کرے گا جہاں عدالتی نظام میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تبدیلی کا جائزہ لیا جائے گا۔اعلامیے کے مطابق نچلی سطح پر عدالتی صلاحیت میں اضافہ اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔دوسری جانب ترکیہ کے ساتھ بھی عدالتی تعاون کو مزید مستحکم کیا گیا ہے اور اسٹریٹجک شراکت داری کو نئی وسعت دی جا رہی ہے۔ترکیہ کی آئینی عدالت کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد جاری ہے جس کے تحت عدالتی تبادلے، تربیت اور ٹیکنالوجی کے فروغ پر زور دیا جا رہا ہے۔اعلامیے میں بتایا گیا کہ ضلعی عدلیہ کے ججز کو میرٹ پر عالمی سطح پر نمائندگی دی جا رہی ہے، خصوصاً دور دراز علاقوں میں خدمات انجام دینے والے ججز کو خصوصی مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں جبکہ خواتین ججز کی بین الاقوامی پروگرامز میں موثر شرکت بھی یقینی بنائی گئی ہے۔مزید برآں ترکیہ کے ماہرین نے پاکستان میں عدلیہ میں مصنوعی ذہانت سے متعلق سمپوزیم میں شرکت کی جبکہ پاکستانی وفود نے ترکیہ کے جدید عدالتی نظام اور انتظامی ماڈل کا جائزہ لیا۔8 نمایاں ضلعی ججز پر مشتمل نیا وفد جلد ترکیہ روانہ ہوگا جس کیلئے ہر ہائی کورٹ سے میرٹ پر نامزدگیاں مکمل کر لی گئی ہیں۔سپریم کورٹ کے مطابق یہ تعاون عدالتی اصلاحات، استعداد کار میں بہتری اور جدید، ٹیکنالوجی پر مبنی عالمی معیار کی عدلیہ کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 9

جنگ جاری رہے، جنگ ختم ہونے کا نقصان بھارت کو بھی ہے، پاکستان کو عزت مل رہی ہے،اس لیے بھارت پروپیگنڈا کر رہا ہے، اسرائیل کوشش کر رہا ہے کہ جنگ جاری رہے، پاکستان کی کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے تیاری ہے، ہوسکتا ہے بھارت اب پہلے جیسی حماقت نہ کرے، بھارت کو اندازہ ہے وہ پاکستان کا مقابلہ نہیں کرسکتا، ایٹمی جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔

بقیہ 10

بدولت مزید 100 میگاواٹ سینٹرلائز کرنے میں آسانی ہوئی۔ترجمان کے مطابق ملک کے جنوب سے کل 500 میگاواٹ کی ترسیل ممکن ہوئی ہے۔بیان کے مطابق کل شب بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے رات کے پیک اوقات میں ایک گھنٹے سے لے کر 2 گھنٹے تک لوڈ مینجمنٹ کی۔پن بجلی کی پیداوار میں اضافے کی بدولت بجلی کے زیادہ ڈیمانڈ کے باوجود لوڈ مینجمنٹ 2 گھنٹے سے زیادہ نہیں ہوئی ۔ ملک میں زیادہ نقصانات والے فیڈرز پر اکنامک لوڈ مینجمنٹ پالیسی کے تحت کی جارہی ہے ۔ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق اکنامک لوڈ مینجمنٹ کا پیک اورز میں لوڈ مینجمنٹ سے کوئی تعلق نہیں۔ایل این جی کی عالمی حالات کے بنا ء پر عدم دستیابی سے 5500 میگاواٹ کے پاور پلانٹس سے بجلی پیدا نہیں ہورہی۔ایل این جی کی دستیابی اور پانی کے اخراج میں اضافے سے رات کے اوقات کا شارٹ فال ختم ہوجائے گا

بقیہ 11

آئی ٹی ورکرز کو فراہم کرنے کے مقدمے میں ملزمہ عالیہ بتول کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزمہ کو 10 لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم بھی دے دیا۔سماعت کے دوران ملزمہ کے وکیل صفائی عابد زمان ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ عالیہ بتول کے موبائل فون سے کوئی ایسی چیز سامنے نہیں آئی جس سے ان پر عائد الزامات ثابت ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ پراسیکیوشن اب تک کوئی ایسے شواہد پیش نہیں کرسکی جس سے مقدمے کے الزامات کی تصدیق ہو۔دوران سماعت پراسیکیوشن کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ملزمہ کے خلاف وزارت خارجہ کی شکایت پر مقدمہ درج کیا گیا تھا۔مقف اختیار کیا گیا کہ عالیہ بتول اور دیگر ملزمان جعلی دستاویزات تیار کر کے شمالی کوریا کے آئی ٹی ورکرز کو فراہم کرتے تھے تاکہ انہیں مختلف مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکے۔پراسیکیوشن کے مطابق ملزمان ان دستاویزات کے بدلے بٹ کوائن کی صورت میں رقم وصول کرتے تھے۔مقدمے میں 3 ملزمان عالیہ بتول، سہیل اور صغیر کو نامزد کیا گیا ہے، جبکہ ان کے خلاف وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔عدالت نے دلائل مکمل ہونے کے بعد ملزمہ کی درخواست ضمانت منظور کرلی۔

بقیہ 12

ہوٹل براستہ 47 پل سے 49 ٹیل مٹھ معصوم تک 25.8 کلومیٹر دو رویہ سڑک کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ سرگودھا میں صحت کے شعبے میں تاریخی اقدامات کیے گئے ہیں، جن میں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا قیام ایک اہم سنگ میل ہے، جہاں جدید طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ سرگودھا شہر کو درپیش سیوریج کے دیرینہ اور سنگین مسئلے کے حل کے لیے تقریباً 13 ارب روپے کا میگا پراجیکٹ دیا گیا ہے، جس پر کام جاری ہے، اسی طرح آئندہ مالی سال کے لیے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (PDP-II) کے تحت تقریباً 10 سے 12 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبے تجویز کیے گئے ہیں، جن کے ذریعے شہر کی باقی ماندہ سڑکوں کی تعمیر و بحالی، گلیوں کی پختگی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔صفدر ساہی نے کہا کہ زیر افتتاح سڑک نہ صرف شہر کے اندرونی علاقوں کو آپس میں منسلک کرتی ہے بلکہ فیصل آباد روڈ اور لاہور روڈ کے درمیان ایک اہم رابطہ شاہراہ بھی ہے اور ٹریفک کا دباؤ انتہائی زیادہ رہتا ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، سڑک کو دو رویہ کرنے سے ٹریفک کے بہا میں بہتری آئے گی اور شہریوں کو درپیش مسائل میں نمایاں کمی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو بہتر معیار زندگی فراہم کیا جا سکے اس موقع پر صفدر ساہی نے گلشن بلال مین روڈ کا بھی افتتاح کیا جس کو لوگوں نے فلک شگاف نعروں سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب کے منصوبوں کی تعریف کی۔

بقیہ 13

رکھے گا۔ ہفتہ کو دفتر خارجہ سے جاری ایک بیان کے مطابق انہوں نے مزید واضح کیا کہ ایران-امریکہ سہولت کاری کے عمل سے متعلق پاکستان کی سرکاری پالیسی وہی ہے جو صرف سرکاری ذرائع سے جاری کی جاتی ہے۔کسی بھی غیر نامزد پاکستانی عہدیدار یا ذرائع کے بیانات، چاہے وہ پرنٹ میڈیا میں ہوں یا سوشل میڈیا پر پاکستان کے سرکاری مؤقف کی عکاسی نہیں کرتے۔ انہوں نے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو مشورہ دیا کہ قیاس آرائیوں پر مبنی رپورٹنگ سے گریز کریں اور صرف سرکاری بیانات پر توجہ دیں۔

بقیہ 14

والے خاندان بھی آسان اقساط پر گھر حاصل کر سکیں۔اس اسکیم کے تحت شہریوں کو نرم شرائط پر قرض فراہم کیا جاتا ہے جس سے وہ اپنا گھر تعمیر یا خرید سکتے ہیں۔ذرائع کے مطابق حکومت اس پروگرام کو مزید موثر اور شفاف بنانے کے لیے نئے اقدامات بھی متعارف کرا رہی ہے جبکہ درخواست کے طریقہ کار کو بھی آسان بنایا جا رہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔حکومت کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ عوام کو اپنی چھت فراہم کرنے کے عزم کا حصہ ہے اور اس کے ذریعے ہزاروں خاندانوں کو ریلیف ملنے کی توقع ہے۔حکومت کے مطابق عوام کو اپنی چھت فراہم کرنا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس پروگرام کی توسیع اسی عزم کا تسلسل ہے۔حکام پرامید ہیں کہ اس اقدام کے ذریعے نہ صرف بے گھر افراد کو رہائش کی سہولت ملے گی بلکہ سماجی استحکام اور معاشی ترقی میں بھی مدد ملے گی جس سے صوبے میں ایک مثبت تبدیلی کا آغاز ہوگا۔

بقیہ 15

سفارتی سطح پر اس کی پوزیشن مزید مضبوط ہوئی۔معرکہ حق کی کامیابی نے پاکستان کو عالمی سفارتی محاذ پر مضبوط جبکہ بھارت کو عالمی تنہائی کا شکار کر دیا ہے۔پاکستانی قیادت نے امریکا، چین، سعودی عرب، ترکیہ، روس اور ایران سمیت مختلف ممالک کی قیادت سے اہم ملاقاتیں کیں جن کے نتیجے میں پاکستان کے علاقائی اور عالمی اثر ورسوخ میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹیجک دفاعی معاہدہ بھی کامیاب سفارتکاری کی ایک اہم مثال قرار دیا جا رہا ہے جس نے دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط کیا۔پاکستان نے موثر سفارتکاری اور شاندار ملٹری ڈپلومیسی کے ذریعے اقوام عالم میں اپنی طاقت اور اثر ورسوخ کا لوہا منوایا جبکہ دنیا نے پاکستان کے مقف کو سنجیدگی سے تسلیم کیا۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی پاکستانی قیادت کو سراہتے ہوئے اسے انتہائی مضبوط، غیر معمولی اور شاندار قیادت قرار دیا ہے۔ امریکا سمیت دنیا بھر نے انسداد دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کی قربانیوں اور انتھک کوششوں کو سراہا، جبکہ عالمی سطح پر امن و استحکام کے لیے پاکستان کے بطور نیٹ ریجنل اسٹیبلائزر کردار کو بھرپور انداز میں تسلیم کیا گیا۔ایران اور امریکا کے تنازع میں پاکستان کی جانب سے ثالثی کا کردار بھی موثر اور متوازن سفارتکاری کا واضح عکاس قرار دیا جا رہا ہے۔عالمی ماہرین نے کہا کہ سیاسی و عسکری قیادت کی فعال سفارتکاری اور متوازن خارجہ پالیسی کی بدولت پاکستان عالمی امن کا ضامن بن کر ابھرا ہے جس نے معرکہ حق میں بھارت کو عملی میدان میں شکست دینے کے بعد سفارتی محاذ پر بھی اسے دنیا میں تنہا کر دیا ہے

بقیہ 16

یا گیا۔ایس پی سٹی عاطف امیر نے کہا کہ شہری کو چھڑوانے والے اہلکار کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی ہوگی اختیارات سے تجاوز اور کرپشن ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 17

ڈاکٹر انعم بتول نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سینٹر کو جدید طبی آلات، تربیت یافتہ عملے اور بین الاقوامی معیار کی سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے۔ جہاں بچوں میں فالج کی تشخیص، فوری علاج، مسلسل مانیٹرنگ اور بحالی (ری ہیبیلیٹیشن) کی تمام سہولیات ایک ہی چھت تلے فراہم کی جا رہی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے سونپی گئی ذمہ داریاں وہ اپنی پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ احسن انداز میں نبھائیں گی۔پروفیسر فریاد حسین کے مطابق بچوں میں فالج کے کیسز میں ابتدائی چند گھنٹے، جنہیں ✻✻ گولڈن آورز ✻✻ کہا جاتا ہے، نہایت اہم اور فیصلہ کن ہوتے ہیں۔ اسی لیے پیڈیاٹرک سٹروک سینٹر چوبیس گھنٹے ہائی الرٹ رہتے ہوئے فوری ایمرجنسی رسپانس کو یقینی بناتا ہے۔ بروقت تشخیص اور فوری علاج کے ذریعے پیچیدگیوں اور مستقل معذوری کے خطرات میں نمایاں کمی ممکن بنائی جا رہی ہے جبکہ یہ علاج گاہ نہ صرف لاہور بلکہ ملک بھر کے بچوں کیلئے امید کی نئی کرن ثابت ہوگی اور بچوں میں فالج کے بروقت اور موثر علاج کی فراہمی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔

بقیہ 18

ہی اپنی تنخواہ اور تمام سرکاری مراعات نہ لینے کا اعلان کر چکے ہیں جبکہ سرکاری پروٹوکول میں سادگی کو فروغ دیتے ہوئے ذاتی گاڑیوں کے استعمال کو ترجیح دی گئی۔کفایت شعاری اقدامات کے تحت ارکان پنجاب اسمبلی کی تنخواہوں سے کٹوتی کی گئی جبکہ گریڈ 20 سے اوپر کے افسران کی دوروز تنخواہ بھی قومی خزانے کے لیے مختص کی گئی۔سرکاری گاڑیوں کے پٹرول اخراجات میں 50 فیصد کمی لائی گئی جبکہ بجلی کے استعمال میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی اور صرف دو ماہ میں ایک لاکھ 11 ہزار سے زائد یونٹس کی بچت ممکن بنائی گئی۔غیر ضروری خریداری پر مکمل پابندی عائد رہی اور کسی قسم کی نئی پروکیورمنٹ نہیں کی گئی جبکہ غیر ملکی سرکاری دوروں پر بھی مکمل پابندی نافذ رہی۔سرکاری تقریبات اور انٹرٹینمنٹ اخراجات میں نمایاں کمی کے ساتھ اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجلاس ٹیلی کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیے گئے، جس سے اضافی اخراجات میں مزید کمی آئی۔ پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے کفایت شعاری مہم کے تحت حاصل ہونے والی 77 کروڑ روپے کی یہ بچت حکومتی وسائل کے موثر استعمال اور مالی نظم وضبط کا عملی مظہر قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ 19

نئے اور ابھرتے رجحانات کے موضوع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا۔اس تقریب نے مختلف نقطہ نظر کے حامل سفارت کاروں، اقوام متحدہ کے پالیسی ماہرین، سول سوسائٹی، نجی شعبے اور تعلیمی اداروں سے وابستہ انسدادِ دہشت گردی کے ماہرین کو اپنے خیالات کے تبادلے کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کیا، تقریب کی مشترکہ صدارت پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد اور UNOCT کے قائم مقام انڈر سیکریٹری جنرل الیگزینڈر زدیوف نے کی، افتتاحی کلمات دونوں شریک صدور نے ادا کیے جبکہ مسٹر رافع شاہ، چیف، پالیسی، نالج مینجمنٹ اینڈ کوآرڈینیشن برانچ، UNOCT، نے نظامت کے فرائض انجام دیئے۔پینل مباحثوں میں دہشت گردی کے عالمی ہاٹ اسپاٹس، زیر قبضہ علاقوں میں رہنے والی کمیونٹیز کے خلاف دہشت گردی، افغانستان میں قائم دہشت گرد گروہوں جیسے ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ، ای ٹی آئی ایم، داعش خراسان (ISIL-K) اور مغربی افریقہ وساحل میں سرگرم گروہوں جیسے جے این آئی ایم کے خطرات پر بھی غور کیا گیا، آن لائن نیٹ ورکس کے ذریعے دہشت گردانہ پروپیگنڈا اور مالی معاونت کے لیے جدید ذرائع کے بڑھتے ہوئے استعمال کو بھی اجاگر کیا گیا۔پینل میں عوامی جمہوریہ چین کے مستقل مندوب سفیر فو کونگ، اقوام متحدہ کے اینالیٹیکل سپورٹ اینڈ سینکشنز مانیٹرنگ ٹیم کے کوآرڈینیٹر کولن اسمتھ، پروفیسر فیونوالا نی آولین (KC)، جو اقوام متحدہ کے آزاد بین الاقوامی کمیشن برائے تحقیق برائے شام کی رکن اور سابق خصوصی نمائندہ برائے انسداد دہشت گردی و انسانی حقوق رہ چکی

پاکستان میں مذاکرات کے نئے دور میں پیش رفت کی امید ہے، ترک وزیر خارجہ

مذاکرات کی حوصلہ افزائی کر رہے، ایران، امریکا جوہری مذاکرات میں اہم رکاوٹیں جلد دور ہوسکتی ہیں، حاکان فیدان

انقرہ(این این آئی) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاکان فیدان نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایران امریکا مذاکرات کے نئے دور میں پیش رفت کی امید ہے، ترکیہ مذاکرات کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے، ایران اور امریکا کے درمیان جوہری مذاکرات میں اہم رکاوٹیں جلد دور ہوسکتی ہیں، مذاکرات کا نیا دور پاکستان میں شروع ہونے جا رہا ہے جہاں پیش رفت کی امید ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جوہری معاملے میں ایک یا دو اہم نکات حل ہونے کے قریب ہیں، جنگ بندی میں توسیع کو مثبت پیش رفت لیکن حتمی معاہدے کے لیے کافی نہیں۔ترک وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی صورتحال بھی مذاکرات سے جڑی ہوئی ہے، کامیاب معاہدے کی صورت میں آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ بارودی سرنگوں کی صفائی کے لیے بین الاقوامی تعاون قائم کیا جا سکتا ہے، کسی نئی جنگی صورتحال میں ترکیے غیر جانبدار رہنے کی پالیسی اپنائے گا۔

دورے میں ایرانی اور امریکی حکام کے درمیان کوئی ملاقات طے نہیں، اسماعیل بقائی

پاکستانی حکام سے ملاقاتوں میں ایرانی وفد اپنے مشاہدات پاکستان کو فراہم کرے گا، ترجمان وزارت خارجہ

تہران/ اسلام آباد (این این آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے دورے میں ایران اور امریکا کے حکام کے درمیان کوئی میٹنگ طے نہیں ہے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ میں پبلک ڈپلومیسی سینٹر کے سربراہ اور ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ وہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ساتھ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی حکام سے ملاقاتوں میں ایرانی وفد اپنے مشاہدات پاکستان کو فراہم کرے گا۔اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکا کی مسلط کردہ جارحانہ جنگ کے خاتمے اور خطے میں امن کی بحالی سے متعلق امور پر بات ہوگی۔ترجمان ایرانی وزارتِ خارجہ نے کہا کہ اس دورے میں پاکستان کے اعلیٰ حکام سے ملاقات ہوگی جس میں پاکستان کی جانب سے جاری ثالثی سے متعلق امور پر گفتگو ہوگی۔

پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں پاکستان کے ملوث ہونے کا حکومت کے پاس کوئی ثبوت نہیں، گوپال سنگھ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی سکھ رہنما گوپال سنگھ نے کہا ہے کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں پاکستان کے ملوث ہونے کا حکومت کے پاس کوئی ثبوت نہیں۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں بھارتی سکھ رہنما گوپال سنگھ نے کہا کہ بھارتی خفیہ ایجنسیاں کیوں ناکام رہیں؟ گوپال سنگھ نے کہا کہ بھارت نے یہ ڈرامہ صرف پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کے لیے کیا ہے

لاہور: پاکستان ریلوے کی جانب سے جدیدیت کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے قائم کردہ ڈیجیٹل سنٹرل کنٹرول آفس۔

وزیر اعظم و وزیر اعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی

اخراجات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اسمبلی سیکرٹریٹ نے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم و وزیر اعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی، اسپیکر ملک محمد احمد خاں کی ہدایت پر اخراجات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی۔تفصیلات کے مطابق اسپیکر ملک محمد احمد خاں پہلے ہی اپنی تنخواہ اور تمام سرکاری مراعات نہ لینے کا اعلان کر چکے ہیں، سرکاری پروٹوکول میں سادگی، سپیکر ملک محمد احمد خاں ذاتی گاڑیوں کے استعمال کو ترجیح دے رہے ہیں۔اس کے ساتھ ارکان پنجاب اسمبلی کی تنخواہوں سے کفایت شعاری مہم کے تحت کٹوتی کی گئی۔گریڈ 20 سے اوپر کے افسران کی تنخواہوں سے دو روزہ تنخواہ کی کٹوتی کی گئی، سرکاری گاڑیوں کے پٹرول اخراجات میں 50 فیصد کمی کی گئی، کفایت شعاری مہم سے پنجاب اسمبلی میں بجلی کے استعمال میں نمایاں کمی آئی، دو ماہ میں ایک لاکھ 11 ہزار سے زائد بجلی یونٹس کی بچت، کفایت شعاری اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آئے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔لاہور ہائیکورٹ میں متفرق درخواست جوڈیشل ایکٹوازم پینل نے دائر کی، درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ رات کی تاریکی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمت 26.77 روپے بڑھا دی گئی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ملک میں مہنگائی ہوگی۔درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو کالعدم قرار دے۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے عادی افراد کی موٹر سائیکلیں بند کرنے کا فیصلہ

حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں تاکہ شہر میں ٹریفک کا نظام بہتر بنایا جاسکے۔

لاہور (این این آئی) شہر میں ٹریفک نظام کو بہتر بنانے اور سڑکوں پر نظم وضبط قائم کرنے کیلئے ٹریفک پولیس نے اہم فیصلہ کر لیا ہے، جس کے تحت ٹریفک قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ٹریفک پولیس حکام کے مطابق پیر سے ایسے افراد کی موٹر سائیکلیں بند کر دی جائیں گی جو بار بار ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے ہیں۔اس اقدام کا مقصد شہریوں میں قانون کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ مختلف علاقوں میں لین لائن ڈسپلن کو فروغ دینے کیلئے آگاہی کیمپس بھی لگائے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہ کیا جا سکے۔مزید برآں سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ٹریفک خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی جائے گی، جبکہ ای سمارٹ ویز بھی سڑکوں پر گشت کریں گی تاکہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو فوری طور پر پکڑا جاسکے۔

لاہور، سفاک ماں کے ہاتھوں 3 بچوں کا قتل، واقعے کی تفتیش سی سی ڈی کے حوالے

سی سی ڈی اس کیس کو ماڈل کیس کے طور پر دیکھ رہی ہے، تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں

لاہور (این این آئی) اچھرہ کے علاقے میں سفاک ماں کے ہاتھوں تین بچوں کے قتل کے افسوسناک واقعے کی تفتیش کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کے حوالے کر دی گئی۔تفتیشی ذرائع کے مطابق سی سی ڈی اس کیس کو ماڈل کیس کے طور پر دیکھ رہی ہے اور تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔اسی سلسلے میں سی سی ڈی کی ٹیم جھنگ گئی، جہاں سے ملزمہ کے مبینہ دوست شہریار کو شاملِ تفتیش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزمہ اور شہریار کے درمیان قریبی تعلق تھا اور دونوں شادی کے خواہشمند تھے تاہم یہ ابھی واضح نہیں کہ شہریار کو بچوں کے قتل کے بارے میں پہلے سے علم تھا یا نہیں۔اس حوالے سے مزید حقائق تفتیش مکمل ہونے کے بعد سامنے آئیں گے۔حکام کے مطابق کیس کی حساس نوعیت کے پیش نظر ہر پہلو کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ واقعے کی اصل وجوہات اور ممکنہ سہولت کاروں کا تعین کیا جاسکے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام دشمن، واپس لیا جائے' جاوید قصوری

ہر روز نئے ٹیکسز اور قیمتوں میں اضافہ، عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر رہا ہے' امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی ممبر سازی مہم کا آغاز ہوگیا ہے، یہ مہم آج سے پورے پنجاب سمیت ملک بھر میں شروع کی جا رہی ہے، اس مہم کا مقصد جماعت اسلامی کے پیغام کو ہر گلی، محلے اور ہر گھر کی دہلیز تک پہنچانا ہے، کارکنان اور ذمہ داران بھرپور انداز میں اس مہم کو کامیاب بنائیں اور عوام کو موجودہ حالات سے آگاہ کریں۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ عوام موجودہ حکمرانوں سے مکمل طور پر مایوس ہو چکے ہیں اور ملک کو ایک دیانتدار، باصلاحیت اور عوام دوست قیادت کی ضرورت ہے۔جماعت اسلامی ہی واحد جماعت ہے جو ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے اور عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کر سکتی ہے۔انہوں نے نوجوانوں کو خصوصی طور پر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ آگے بڑھیں اور جماعت اسلامی کا ساتھ دیں تاکہ ایک روشن، خوشحال اور انصاف پر مبنی پاکستان کی بنیاد رکھی جاسکے۔وقت آ گیا ہے کہ قوم متحد ہو کر ظلم و ناانصافی کے نظام کے خلاف آواز بلند کرے اور مثبت تبدیلی کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

سندھ حکومت صوبے سے ملیریا کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم، وزیر اعلیٰ سندھ

ملیریا ایک قابلِ علاج مرض ہے اور احتیاطی تدابیر سے قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں عالمی یوم ملیریا پر پیغام

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم ملیریا کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ملیریا ایک قابلِ علاج مرض ہے اور احتیاطی تدابیر، بروقت تشخیص اور فوری علاج کے ذریعے قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملیریا کو صرف عام بخار سمجھنا بڑی غلطی ہے کیونکہ غفلت برتنے کی صورت میں یہ مرض جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے۔وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ عالمی یوم ملیریا منانے کا مقصد اس خطرناک بیماری کے خلاف عوامی شعور بیدار کرنا، احتیاطی تدابیر سے آگاہی دینا اور اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت صوبے سے ملیریا کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں محکمہ صحت سمیت تمام متعلقہ اداروں کو متحرک کیا جا رہا ہے۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں سانحہ گل پلازہ کے 200 متاثرین میں معاوضے کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایس ایس پی بدین نے 15 سالہ نوجوان کی پراسرار موت کا نوٹس لے لیا

رمضان علی کی لاش گاؤں سے باہر ایک بند کمرے میں گھر کی چھت سے اجرک کے ذریعے لٹکی ہوئی حالت میں ملی

ماتلی (این این آئی) تھانہ نندو کی حدود میں واقع گاؤں حسین پھنور کے قریب 15 سالہ نوجوان کی پراسرار موت کے واقعے کا ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے فوری نوٹس لے لیا۔ پولیس کے مطابق 15 سالہ رمضان ولد علی احمد پھنور جو گزشتہ تین سے چار روز سے لاپتہ تھا، اس کی لاش آج گاؤں سے باہر ایک بند کمرے میں گھر کی چھت سے اجرک کے ذریعے لٹکی ہوئی حالت میں ملی۔اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور جائے وقوعہ کو تحویل میں لے کر شواہد اکٹھے کیے گئے۔ایس ایس پی بدین نے ایس ایچ او تھانہ نندو کو ہدایت کی ہے کہ لاش کا فوری پوسٹ مارٹم کرایا جائے اور واقعے کی ہر پہلو سے شفاف اور میرٹ پر تحقیقات کی جائیں۔ایس ایچ او تھانہ نندو انسپکٹر محمد خان کلوئی کے مطابق لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈاکٹر سکندر علی مندھرو اسپتال بدین منتقل کر دیا گیا ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی باریک بینی سے تحقیقات جاری ہیں اور شواہد کی روشنی میں مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ ایس ایس پی بدین نے یقین دہانی کرائی ہے کہ مکمل تحقیقات کے بعد حقائق جلد سامنے لائے جائیں گے۔

سندھ: رواں سال ابتک ڈینگی کے 220 کیسز رپورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ میں رواں سال اب تک ڈینگی کے 220 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔محکمہ صحت سندھ کے مطابق یکم جنوری سے 23 اپریل تک کراچی میں ڈینگی کے اب تک 183 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، ڈینگی سے رواں سال کراچی میں 1 مریض انتقال کر چکا ہے۔کراچی کے ضلع شرقی سے ڈینگی کے 66، جنوبی سے 39، وسطی سے 38، ملیر سے 19، کیماڑی سے 10، غربی سے 7 اور کورنگی سے 4 کیسز سامنے آئے ہیں۔محکمہ صحت سندھ کا کہنا ہے کہ حیدرآباد ڈویژن سے ڈینگی کے 25 اور میرپورخاص ڈویژن سے 9 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔

نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان دفتر آنے والے سائلین کے مسائل سن رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ سندھ کی ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر تمام ویٹرنری پیشہ ور افراد کو مبارکباد

لائیو اسٹاک سیکٹر کا صوبائی معیشت اور جی ڈی پی میں حصہ بڑھانے کے لیے جدید بریڈنگ پالیسی نافذ کی جارہی ہے، سید مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر تمام ویٹرنری پیشہ ور افراد، ڈاکٹرز، ماہرین حیوانات اور لائیو اسٹاک شعبے سے وابستہ افراد کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ویٹرنری ڈاکٹرز "ون ہیلتھ" وژن کے تحت انسانی اور حیوانی صحت کے درمیان ایک مضبوط پل کی حیثیت رکھتے ہیں۔انہوں نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ سندھ حکومت سندھ انسٹیٹیوٹ آف اینیمل ہیلتھ کے ذریعے ویکسین کی تیاری میں خود کفالت کی جانب تیزی سے گامزن ہے تاکہ جانوروں کی بیماریوں کی روک تھام مؤثر انداز میں کی جا سکے۔وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ لائیو اسٹاک سیکٹر کا صوبائی معیشت اور جی ڈی پی میں حصہ بڑھانے کے لیے جدید بریڈنگ پالیسی نافذ کی جارہی ہے، جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں جانوروں کی نسلوں کا تحفظ وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ کی مقامی نسلوں کا جینیاتی تحفظ ہماری ثقافتی، زرعی اور معاشی بقا کا ضامن ہے۔انہوں نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سرکاری لائیو اسٹاک فارمز کو ماڈل فارمز میں تبدیل کیا جارہا ہے

ورلڈ ویٹرنری ڈے: محمد علی ملکانی کا ویٹرنری ڈاکٹرز کو خراجِ تحسین

جانوروں کی صحت، خوراک کے معیار اور زونوٹک بیماریوں کے خلاف ویٹرنری ماہرین کا کردار کلیدی قرار

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز سندھ محمد علی ملکانی نے ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں دنیا بھر اور بالخصوص سندھ کے ویٹرنری ڈاکٹرز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے ویٹرنری ماہرین کا کردار نہایت اہم ہے، جو فارم سے دسترخوان تک خوراک کے معیار اور حفاظت کو یقینی بناتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت لائیو اسٹاک کے شعبے کو جدید سائنسی خطوط پر استوار کر رہی ہے اور پری مون سون ویکسینیشن مہم کے ذریعے جانوروں کو موسمی بیماریوں سے بچایا جا رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ روک تھام علاج سے بہتر ہے کے اصول کے تحت ویکسینیشن مہم کو پورے صوبے تک پھیلا دیا گیا ہے۔محمد علی ملکانی نے کہا کہ لائیو اسٹاک کا شعبہ دیہی معیشت کے استحکام اور غربت کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ حکومت چھوٹے کسانوں کو آسان قرضے اور جدید طبی سہولیات فراہم کر رہی ہے جبکہ مستحق خاندانوں، بیواوں اور یتیموں کو دودھ دینے والے جانور فراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ ویٹرنری ڈاکٹرز زونوٹک بیماریوں کے خلاف پہلی دفاعی لائن ہیں اور جانوروں کی صحت انسانی صحت اور ماحول سے براہِ راست جڑی ہوئی ہے۔

کراچی: گورنر سید محمد نہال ہاشمی سے پنجاب کے وزیر قانون رانا شہزاد اقبال خان ملاقات کر رہے ہیں۔

کراچی: چھٹی نیشنل ایجوکیشن سمٹ 2026، اے آئی اور جنریشن الفا پر مکالمہ

مصنوعی ذہانت سہولت ہے، انسان کا متبادل نہیں بن سکتی: سردار علی شاہ کا سمٹ سے خطاب

کراچی (این این آئی) انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کراچی میں چھٹی نیشنل ایجوکیشن سمٹ 2026 کا انعقاد پاکستان اکیڈمک کنسورشیم اور ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن اینڈ رجسٹریشن آف پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز کے تعاون سے کیا گیا، جس میں وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔سمٹ میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، جنریشن الفا، اسٹوڈنٹ لیڈرشپ اور جدید تعلیمی تقاضوں پر مختلف سیشنز منعقد ہوئے۔ ماہرین تعلیم نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ دور میں طلبہ کو صرف معلومات نہیں بلکہ تخلیقی صلاحیتوں، قیادت اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنا ہوگا۔تقریب میں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد علی عباسی سمیت مختلف تعلیمی اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی اور جدید چیلنجز، انسانی کردار اور اے آئی کے اثرات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے نیشنل ایجوکیشن سمٹ 2026 کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت تیزی سے ہماری سوچ اور طرزِ فکر کو متاثر کر رہی ہے، اس لیے ہمیں سنجیدگی سے سوچنا ہوگا کہ آنے والی نسلوں کو کیا دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی سہولت فراہم کر سکتی ہے مگر انسانی شعور، جذبات اور تخلیقی صلاحیتوں کا متبادل نہیں بن سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بچوں کو فطرت، زمین اور حقیقی زندگی کے تجربات سے نہ جوڑا گیا تو وہ صرف اسکرینز تک محدود ہو جائیں گے

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد، مہنگائی کیخلاف بہت جلد تحریک شروع کریں گے' جے یو آئی

نئی قیمتیں عالمی منڈی کے برعکس حکمرانوں کی عیاشیوں کو پورا کرنے کے لئے مقرر کی گئیں، عوام پر مزید بوجھ ناقابلِ قبول ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نے پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئی قیمتیں عالمی منڈی کے برعکس حکمرانوں کی عیاشیوں کو پورا کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہیں، مہنگائی کے ستائے عوام پر مزید بوجھ ناقابلِ قبول ہے۔ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے ہر چیز مہنگی ہوگی، غریب کو کچلا جارہا ہے، اشیائے خورد و نوش، ٹرانسپورٹ اور روزمرہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے ستائے عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے، ہر فیصلہ عوام دشمن، حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں، غریب آدمی دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان، حکومت بے حس بنی بیٹھی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا گیا کہ پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیا جائے، عوام کو حقیقی ریلیف نہ دیا گیا تو شدید عوامی ردعمل آئے گا۔مہنگائی کے خلاف بہت جلد تحریک شروع کریں گے۔

شجاع آباد' ایک ہی خاندان کے 9 نوجوانوں کی اپنی ہی 9 کزنز سے اجتماعی شادی، ویڈیو وائرل

ایک ہی چھت تلے 9 باراتیں اور پھر ایک ہی دن ولیمہ منعقد کیا، شادی کی تقریب سنتِ نبوی کے مطابق سادگی سے ہوئی

شجاع آباد (این این آئی) ایک ہی خاندان کے 9 نوجوان اپنی ہی 9 کزن کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے، شادی کی تقریب سنت نبوی ﷺ کے مطابق سادگی سے ہوئی جس میں نوجوانوں نے جہیز لینے سے بھی انکار کیا۔اجتماعی شادی کی تقریب سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، صارفین نے نوجوانوں کو "ہیرو" قرار دیدیا کیونکہ ایسی نظیر عصر حاضر میں نہیں ملتی۔محمد کاشف، محمد عاصم، محمد امین، محمد نعیم، محمد نوید، محمد راشد، محمد بلال، محمد شہباز، محمد علی نے مشاورت سے یہ فیصلہ کیا کہ وہ لڑکی والوں پر کسی قسم کا مالی بوجھ نہیں ڈالیں گے، ایک ہی چھت تلے 9 باراتیں اور پھر ایک ہی دن ولیمہ منعقد کیا۔ایک ہی خاندان کے 9 دولہوں کو دیکھ کر جہاں باراتیوں کا جوش وخروش دیدنی تھا، وہاں سادگی کے اس منظر نے ہر آنکھ کو متاثر کیا۔جوڑوں کے والدین اور رشتہ داروں نے کہا کہ ہمارا مقصد ریکارڈ بنانا نہیں بلکہ معاشرے کو یہ بتانا ہے کہ اگر ہم اپنی بچیوں اور بچوں کی شادیوں کو آسان بنا دیں، تو کوئی بھی بیٹی اپنے گھر میں نہیں بیٹھی رہے گی۔عوامی حلقوں نے کہا کہ سنہری حروف سے لکھی جانے والی یہ شادی ایک تحریک ہے جو بیٹے بیٹیوں والوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگی۔

کراچی: بلدیہ عظمیٰ کی بلڈنگ کی تزئین آرائش کا کام کیا جارہا ہے۔

کراچی: لیاری میں 70 دن میں 7 منزلہ عمارت تعمیر، ایس بی سی اے کو نوٹس جاری

کراچی (این این آئی) لیاری کے علاقے میں غیر قانونی طور پر 70 دن میں 7 منزلہ عمارت تعمیر کرنے کے معاملے پر عدالت نے ایس بی سی اے کو نوٹس جاری کر دیا۔تفصیلات کے مطابق شہری زاہد حسین کی جانب سے لیاری میں غیر قانونی عمارت کی تعمیرات کے خلاف درخواست پر عدالت نے ایس بی سی اے حکام سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کر دیے۔عدالت نے فریقین سے 26 اگست کو جواب طلب کر لیا۔درخواست میں سندھ حکومت، ایس بی سی اے، اینٹی انکروچمنٹ اور لینڈ ڈپارٹمنٹ کو فریق بنایا گیا ہے۔

نیٹی جیٹی کے قریب سمندر سے ایک شخص کی چند روز پرانی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) نیٹی جیٹی لالا زار کے قریب سمندر سے ایک شخص کی چند روز پرانی ڈوبی ہوئی لاش ملی جو ناقابل شناخت ہے۔ڈاکس تھانے کی حدود نیٹی جیٹی لالا زار کے قریب سمندر میں لاش کی موجودگی کی اطلاع پر ایدھی بحری خدمات کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور چند گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد سمندر سے ایک شخص کی لاش نکال لی۔ترجمان ایدھی کے مطابق لاش دو سے تین روز پرانی ہے جس کی عمر تقریباً 30 سے 35 برس کے درمیان کی لگتی ہے۔جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش قانونی کارروائی کے لیے ڈاکس تھانے لے جائی گئی۔

قلمِ حق



انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

صالح آصف: جدید ٹیکنالوجی میں پاکستان کی نمائندگی

کراچی کی سرزمین سے ایک ایسی متاثر کن کہانی سامنے آئی ہے جس نے نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی ٹیکنالوجی حلقوں میں بھی خاصی توجہ حاصل کی ہے۔ نوجوان پاکستانی نژاد ٹیک ماہر صالح آصف ان باصلاحیت افراد میں شامل ہیں جو جدید دور میں مصنوعی ذہانت کے میدان میں نئی راہیں ہموار کر رہے ہیں۔ان کی کامیابی ایک امید افزا مثال ہے کہ کس طرح محنت، علم اور وژن انسان کو عالمی سطح تک لے جاسکتے ہیں۔صالح آصف کا تعلق کراچی سے ہے، جہاں انہوں نے ابتدائی زندگی گزاری اور کم عمری سے ہی ٹیکنالوجی میں گہری دلچسپی لینا شروع کر دی۔محدود وسائل کے باوجود انہوں نے اپنی محنت اور شوق کو کبھی کمزور نہیں پڑنے دیا بلکہ ہر مشکل کو سیکھنے کے ایک نئے موقع میں تبدیل کیا۔ یہی مستقل مزاجی ان کی شخصیت کا سب سے نمایاں پہلو بن کر سامنے آئی۔تعلیم کے دوران ہی انہوں نے پروگرامنگ اور سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانا شروع کر دیا تھا۔وہ گھنٹوں کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر نئے آئیڈیاز پر کام کرتے، مسائل کا حل تلاش کرتے اور اپنی مہارت کو مزید نکھارتے رہتے تھے۔یہی وہ بنیاد تھی جس نے انہیں مستقبل میں ایک کامیاب ٹیک انٹرپرینیور بننے میں مدد دی۔بعد ازاں وہ بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھے اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبے میں اپنی پہچان بنائی۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت جیسے تیزی سے ترقی کرتے ہوئے میدان میں قدم رکھا، جہاں مقابلہ انتہائی سخت ہے، مگر انہوں نے اپنی محنت اور ذہانت سے خود کو نمایاں کیا۔صالح آصف اُن افراد میں شامل ہیں جو AI اسٹارٹ اپ کے شریک بانی ہیں۔یہ کمپنی سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ کے عمل کو جدید بنانے اور پروگرامرز کے لیے آسان بنانے کے مقصد کے تحت قائم کی گئی، جس نے مختصر وقت میں ہی خاصی مقبولیت حاصل کر لی۔دنیا کی کئی بڑی ٹیکنالوجی کمپنیاں جیسے NVIDIA، Adobe اور Uber جدید AI ٹولز اور کوڈنگ آٹومیشن کے رجحان کی طرف تیزی سے بڑھ رہی ہیں، جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ صالح آصف جیسے افراد کا کام کس قدر اہم اور بروقت ہے۔حالیہ عرصے میں ایک اہم پیش رفت اس وقت سامنے آئی جب SpaceX نے Cursor کے ساتھ ایک اسٹریٹجک پارٹنرشپ قائم کی۔ یہ تعاون مصنوعی ذہانت کو مزید مؤثر انداز میں استعمال کرنے کی جانب ایک اہم قدم سمجھا جا رہا ہے، خاص طور پر ایسے شعبوں میں جہاں پیچیدہ سسٹمز اور ڈیٹا کا استعمال ہوتا ہے۔یہ بھی رپورٹ کیا گیا ہے کہ Elon Musk کی کمپنی SpaceX کے پاس مستقبل میں Cursor کو حاصل کرنے کا ایک آپشن موجود ہے، جس کی ممکنہ مالیت اربوں ڈالر تک بتائی جاتی ہے۔تاہم یہ ایک حتمی معاہدہ نہیں بلکہ ایک ممکنہ آپشن ہے، جسے حالات کے مطابق استعمال کیا جا سکتا ہے۔یہ پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ مصنوعی ذہانت کا شعبہ کس قدر تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور اس میں نئے آنے والے باصلاحیت افراد بھی عالمی سطح پر اپنی جگہ بنا سکتے ہیں۔صالح آصف کی کامیابی اسی رجحان کی ایک واضح مثال ہے۔صالح آصف کی کہانی ہمیں یہ بھی بتاتی ہے کہ کامیابی صرف وسائل کی محتاج نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے عزم، مستقل مزاجی اور سیکھنے کا جذبہ زیادہ اہم ہوتا ہے۔انہوں نے اپنے سفر میں کئی چیلنجز کا سامنا کیا مگر کبھی ہمت نہیں ہاری۔کراچی جیسے بڑے مگر مسائل سے بھرپور شہر سے نکل کر عالمی ٹیکنالوجی کے میدان میں جگہ بنانا کسی بھی نوجوان کے لیے آسان کام نہیں، لیکن صالح آصف نے یہ ثابت کر دیا کہ اگر انسان میں لگن ہو تو وہ ہر رکاوٹ کو عبور کر سکتا ہے۔ان کی کامیابی پاکستانی نوجوانوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ وہ بھی جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھ سکتے ہیں۔ دنیا آج ڈیجیٹل دور میں داخل ہو چکی ہے جہاں مہارت اور علم سب سے بڑی طاقت ہیں۔یہ کہانی ہمیں یہ سبق بھی دیتی ہے کہ تعلیم اور ٹیکنالوجی پر توجہ دے کر ہم نہ صرف اپنی زندگی بدل سکتے ہیں بلکہ اپنے ملک کا نام بھی روشن کر سکتے ہیں۔ایسے افراد قوم کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔صالح آصف نے اپنے کام کے ذریعے یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستانی نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، جسے اگر درست مواقع اور رہنمائی ملے تو وہ دنیا کے کسی بھی ملک کے نوجوانوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ان کی کامیابی نے عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کیا ہے، جو کہ موجودہ دور میں نہایت اہمیت رکھتا ہے۔دنیا اب پاکستان کو صرف روایتی خبروں سے نہیں بلکہ ٹیکنالوجی اور جدت کے حوالے سے بھی دیکھ رہی ہے۔یہ پیش رفت اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ آنے والے وقت میں مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کا کردار مزید بڑھنے والا ہے، اور ایسے میں صالح آصف جیسے نوجوان اس تبدیلی کا اہم حصہ بن سکتے ہیں۔اگر پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے کو مزید فروغ دیا جائے ا